امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز منگل 10 نومبر 2026 / 29 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 212

اسحاق ڈار

ملک میں قانون کی حکمرانی اور مساوی مواقع کو یقینی بنانا ہوگا

خطبہ الٰہ آباد اور شاعری کے ذریعے اقبالؒ نے ایک آزاد اور خوددار قوم کا تصور پیش کیا، ملک میں قانون کی حکمرانی اور مساوی مواقع کو یقینی بنانا ہوگا، اقبالؒ کا تصور ایک ایسی قوم کی تشکیل تھا جو اپنے ایمان، تہذیب اور خودی پر اعتماد رکھتی ہو

پوری قوم شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ کو خراجِ عقیدت پیش کر رہی ہے، علامہ اقبالؒ نے برصغیر کے مسلمانوں کو شناخت، حقوق اور اجتماعی مستقبل کا شعور دیا، اقبالؒ نے مسلمانوں کی سیاسی بیداری اور آزاد وطن کی جدوجہد کو فکری سمت عطا کی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ایسا پاکستان چاہتے ہیں جہاں انصاف اور مساوی مواقع ہر شہری کو میسر ہوں، ملک میں قانون کی حکمرانی اور مساوی مواقع کو یقینی بنانا ہوگا۔ علامہ محمد اقبالؒ کے یوم ولادت پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پوری قوم شاعر مشرق علامہ محمد اقبالؒ کو خراجِ عقیدت پیش کر رہی ہے، علامہ اقبالؒ نے برصغیر کے مسلمانوں کو شناخت، حقوق اور اجتماعی مستقبل کا شعور دیا، اقبالؒ نے مسلمانوں کی سیاسی بیداری اور آزاد وطن کی جدوجہد کو فکری سمت عطا

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

نوجوان علم، تحقیق، جدت اور محنت کو اپنی زندگی کا شعار بنائیں، سپیکر قومی اسمبلی کا یوم اقبال کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے علامہ محمد اقبال کے 149 ویں یومِ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 2 پر)

فکرِ اقبال نوجوانوں کو خودداری کا درس دیتی ہے، شزہ فاطمہ خواجہ

شاہین کی بلند پروازی کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کے لیے نوجوانوں کو جدید آئی ٹی مہارتیں فراہم کر رہے ہیں، بیان

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے شاعرِ مشرق اور مفکرِ پاکستان علامہ محمد اقبال کے یومِ ولادت پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اقبال کا فلسفہ خودی جدید دور کے تقاضوں سے مکمل ہم آہنگ ہے، نوجوان نسل کو ان کے افکار سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے علم، تحقیق، سائنس

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان کے معدنی شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں، کینیڈین ہائی کمشنر

پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم 2026 میں کینیڈا کی شرکت، معدنی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

فورم میں کینیڈا کی شرکت پاکستان کے معدنی شعبے میں بین الاقوامی تعاون، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور پائیدار کان کنی کے فروغ کے حوالے سے دونوں ممالک کی دلچسپی کو اجاگر کرتی ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے معدنی وسائل میں عالمی سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کے تناظر میں پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم 2026 میں کینیڈا کی شرکت کو اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ کینیڈین ہائی کمشنر نے کہا ہے کہ یہ فورم پاکستان اور عالمی مائننگ کمپنیوں کے درمیان تعاون، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی اور پائیدار کان کنی کے فروغ کے نئے مواقع فراہم کرے گا، جبکہ کینیڈا اپنی کمپنیوں کے ذریعے پاکستان کے معدنی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی متعارف کرانے میں تعاون کرے گا۔ کینیڈین ہائی کمشنر کے مطابق پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 2 پر)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے یوم اقبال پر پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال کا پیغام خودی، عمل اور امید ہے، ہمیں ان کے افکار کی روشنی میں ترقی پسند اور خوددار پاکستان بنانا ہے۔



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف نوجوانوں کے کاروبار اور زرعی قرضہ اسکیموں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ترجمان پاک فوج

دہشتگردی کا خاتمہ کرکے ہی دم لینگے

میر علی میں فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن

مساجد میں قائم دہشتگرد ٹھکانے تباہ کر دیئے

دہشت گردوں کی جانب سے مساجد میں ٹھکانے قائم کرنا شعائرِ اسلام کی کھلی بے حرمتی ہے۔ بھارتی سرپرستی یافتہ فتنہ الخوارج کا اسلام کی بنیادی تعلیمات سے کوئی تعلق نہیں

سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسدادِ دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی اور ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔

راولپنڈی (آن لائن) شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی کے جنوبی حصے میں واقع موزک گاؤں میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران بھارتی سرپرستی یافتہ فتنہ الخوارج کے دو دہشت گرد ٹھکانے تباہ اور کلیئر کر دیے، جہاں سے بھاری مقدار میں تیار شدہ دیسی ساختہ بم (آئی ای ڈیز)، دھماکہ خیز مواد، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آپریشن کے دوران مساجد میں قائم خوارجی دہشت گردوں کے دو ٹھکانوں کو کلیئر کیا گیا۔ دہشت گردوں نے ان مساجد کو دھماکہ خیز مواد ذخیرہ کرنے اور اپنی پرتشدد سرگرمیوں کے مراکز کے طور پر استعمال کیا تھا۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے مساجد میں

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 2 پر)

مساجد کو دہشت گردی اور اسلحہ ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال کرنا ناقابل قبول ہے، گورنر خیبر پختونخوا

میر علی میں سیکیورٹی فورسز کا کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن، گورنر کا فورسز کو خراجِ تحسین

پشاور (آن لائن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شمالی وزیرستان کی تحصیل میر علی میں سیکیورٹی فورسز کے کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ مساجد کو دہشت گردی، اسلحہ اور بارودی مواد ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، مساجد امن، رواداری اور اسلامی تعلیمات کا درس دیتی ہیں، انہیں دہشت گردی کی سرگرمیوں کا مرکز بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ اپنے بیان میں گورنر خیبر پختونخوا نے کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی اور انٹیلیجنس فورسز کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 2 پر)

لاہور، وفاقی وزیر رضا حیات ہراج سے وزیراعظم محمد شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

ہماری مسلح افواج نے ہر مشکل گھڑی میں وطن کی دفاع کی ہے، عبدالعلیم خان

شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کا فلسفہ خودی، غیرت وحمیت اور خودداری کا پیغام پوری قوم کے لیے مشعلِ راہ ہے، وفاقی وزیر مواصلات

یوم اقبال ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اتحاد، خودداری اور قومی جذبے کے ساتھ ایک مضبوط، خوشحال اور ناقابلِ تسخیر پاکستان کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں گے

اسلام آباد (یو این اے) صدر استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے یومِ اقبال کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کا فلسفہ خودی، غیرت وحمیت اور خودداری کا پیغام پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک خوددار، باوقار اور خودمختار قوم بننے کا تصور دیا، جس کی روشنی میں پاکستان کا قیام ممکن ہوا۔ وزارت مواصلات سے جاری پیغام میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ اقبال کے افکار و تعلیمات ہماری قومی ترقی،

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 2 پر)



جدہ: چار روزہ حج ایکسپو کا جدہ سپر ڈوم میں آغاز، وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی قیادت میں پاکستانی وفد ایکسپو میں مختلف اسٹالز کا دورہ کر رہا ہے، وفد حجاج کرام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے معاہدے کرے گا۔

قیصر احمد شیخ عالمی سرمایہ کاری کانفرنس میں شرکت کے لیے جنیوا روانہ

پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع اجاگر کریں گے

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ 30 ویں عالمی سرمایہ کاری کانفرنس میں شرکت کے لیے جنیوا روانہ ہو گئے۔ یہ کانفرنس ورلڈ ایسوسی ایشن آف انویسٹمنٹ پروموشن ایجنسیز کے زیر اہتمام 10 سے 12 نومبر 2026 تک سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا میں منعقد کی جا رہی ہے۔ رواں سال کانفرنس کا موضوع پائیدار ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے لیے عالمی سرمایہ کاری کا فروغ منتخب کیا گیا ہے۔ سرمایہ

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 2 پر)

علامہ محمد اقبالؒ کا فلسفہ آج بھی ہماری قومی رہنمائی کا روشن مینار ہے، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ محض ایک عظیم شاعر ہی نہیں بلکہ ایک ایسے مدبر، مفکر اور صاحبِ بصیرت رہنما تھے

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید الحان ناصر نے شاعرِ مشرق، مفکرِ پاکستان اور عظیم فلسفی ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کے یوم ولادت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کی فکر، شاعری اور فلسفہ ؟ خودی برصغیر کے مسلمانوں میں بیداری، خود اعتمادی، اتحاد اور آزادی کا شعور اجاگر کرنے کا ایک عظیم ذریعہ بنے۔ ان کے افکار نے مسلمانوں کو ایک الگ قومی شناخت اور آزاد وطن کے حصول کے لیے فکری

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 2 پر)

ہمیں علامہ اقبال کے افکار سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیے، گورنر بلوچستان

علامہ محمد اقبال نے اپنی پوری زندگی مسلمانوں کی فکری و اخلاقی تربیت، ترقی اور عظمتِ رفتہ کی بحالی کیلئے وقف کر رکھی تھی، جعفر مندوخیل

یومِ اقبال منانے کا اصل مقصد محض تقریبات کا انعقاد اور ان کی شاعری پڑھنا نہیں بلکہ ان کے افکار و نظریات کو سمجھنا ہے

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے علامہ محمد اقبال کے یومِ ولادت کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال کی فکر اور ولولہ انگیز شاعری برصغیر کے مسلمانوں میں بیداری، خودی، آزادی اور اتحاد کا جذبہ پیدا کرنے کا موثر ذریعہ بنی۔ انکے افکار و خیالات نے نہ صرف برصغیر کے مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کیا بلکہ دنیا بھر کے مسلمانوں کو بھی ایک نئی فکری

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 2 پر)

قیام پاکستان کیلئے شاعر مشرق کی فکری خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا: مریم نواز شریف

علامہ اقبال نے اپنی شاعری سے برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی کا شعور دیا

لاہور (سی ایم لنکس) ہومرا کام غریبوں کی حمایت کرنا "-وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شاعر مشرق، مصور پاکستان علامہ محمد اقبال؟ کے یوم پیدائش پر خصوصی پیغام میں کہا کہ قیام پاکستان کیلئے شاعر مشرق کی فکری خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ یوم اقبال ؟ پر عظیم مفکر اور شاعر علامہ اقبال ؟ کی فکر و بصیرت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ علامہ اقبال نے اپنی شاعری سے برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی کا شعور دیا۔ نسل نو کے لئے شاعر مشرق کا پیغام خودی اور بیداری

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 2 پر)

بھارتی فوج کے نظم وضبط میں آر ایس ایس کی سیاست کے اثرات میں نمایاں اضافہ

نئی دہلی (یو این اے) بی جے پی اور آر ایس ایس کے نظریات سے وابستہ سیاستدانوں نے بھارتی فوج کیا علی افسران کے بنیادی ملٹری پروٹوکول کو روند ڈالا بھارتی نیوز ایجنسی اے این آئی کی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ بھارتی آرمی چیف اور دیگر جرنیل وزیر دفاع سے ملاقات کیلئے قطار میں کھڑے ہیں، جبکہ سیکیورٹی کمانڈوز انہیں گھورتے دکھائی دے رہے ہیں اور سلیوٹ تک نہیں کیا آر ایس ایس کے نظریات سے متاثر وزیر دفاع کیساتھ فوٹو سیشن کیدوران بھارتی جرنیلوں کا بار بار اٹھنا اور بیٹھنا عسکری آداب اور پیشہ ورانہ تربیت کے فقدان کو نمایاں کرتا ہے بھارتی

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبے میں جاری بدامنی کیخلاف 19 نومبر کو شٹر ڈاؤن ہڑتال کیا جائیگا، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

عوام کی جان و مال غیر محفوظ ہیں، کاروبارِ زندگی مفلوج ہو چکا ہے اور اہم شاہراہوں پر سفر کرنا بھی انتہائی خطرناک اور دشوار بن چکا ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ ایک بیان میں آل پارٹیز کی جانب سے صوبے میں جاری بدترین امن و امان کی صورتحال، دہشت گردی، اغوا برائے تاوان، شاہراہوں کی بندش اور عوام کو درپیش سنگین مشکلات کے خلاف 19 نومبر بروز جمعرات صوبہ بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال، احتجاجی مظاہروں، جلسوں اور ریلیوں کی بھرپور حمایت اور تائید کا اعلان کرتے ہوئے پارٹی کے تمام ضلعی تنظیموں، عہدیداروں، کارکنوں اور عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس احتجاجی تحریک میں بھرپور شرکت کرکے اسے کامیاب بنائیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اس وقت پورا صوبہ، بالخصوص پشتونخوا وطن، دہشت گردی، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور شاہراہوں کی مسلسل بندش جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے۔ عوام کی جان و مال غیر محفوظ ہیں، کاروبارِ زندگی مفلوج ہو چکا ہے اور اہم شاہراہوں

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی کا یومِ اقبال پر خصوصی پیغام

علامہ اقبالؒ کا پیغام آج بھی پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لیے رہنمائی کا ایک روشن ذریعہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ کے یومِ ولادت کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبالؒ برصغیر کے عظیم مفکر، فلسفی اور شاعر تھے، جنہوں نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے مسلمانوں میں خودی، خودداری، اتحاد اور آزادی کا شعور بیدار کیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبالؒ کا تصورِ پاکستان برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک آزاد وطن کے خواب کی بنیاد بنا۔ ان کی تعلیمات نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں، جو ہمیں محنت، علم، خود اعتمادی اور بلند حوصلوں کا درس دیتی ہیں۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم علامہ اقبالؒ کے افکار و نظریات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں اور پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور روشن مستقبل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبالؒ کا پیغام آج بھی پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لیے رہنمائی کا ایک روشن ذریعہ

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 2 پر)

دہشتگردوں کیخلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں قابل تحسین ہیں، ثمینہ ممتاز

مستونگ، زیارت اور پنجپائی میں سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کا قلعہ قمع کر دیا، دہشت گری کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

وطنِ عزیز کے دفاع، امن و استحکام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہماری بہادر افواج اور سیکیورٹی ادارے ہر محاذ پر پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے بلوچستان کے مختلف علاقوں مستونگ، زیارت اور پنجپائی اور دیگر علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے دوران اہم کمانڈر سمیت 30 سے زائد دہشت گردوں کو ہلاک کرنے اور بھاری مقدار میں اسلحہ و بارود برآمد کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک بیان میں سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت، مؤثر اور جرات مندانہ کارروائیوں کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنا کر ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وطنِ عزیز کے دفاع، امن و استحکام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہماری بہادر افواج اور سیکیورٹی ادارے ہر محاذ پر پوری قوت کے ساتھ سرگرم عمل ہیں۔ دشمن چاہے سرحد پار سے ہوں یا اندرونی عناصر بہادر افواج اور سیکیورٹی فورسز نے ہمیشہ وطن اور اس میں رہنے والے عوام کی حفاظت اپنے خون اور جانوں کے نذرانے دے کر

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 2 پر)



قلات ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کر رہی ہیں



مٹھی: چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد ڈپٹی کمشنر آفس مٹھی میں خشک سالی سے متاثرہ خاندانوں کی مالی معاونت کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کر رہی ہیں، اس موقع پر ڈویژنل کمشنر میر پور خاص، ڈپٹی کمشنر تھر پارکر اور دیگر افسران بھی موجود ہیں۔

نئے صوبے: خواجہ آصف کی صوبائی دارالحکومتوں کے اختیارات تقسیم کرنے کی تجویز

سیاستدانوں کا عمومی نقطہ نظر یہ ہے کہ وہ تمام اختیارات اپنے ہاتھوں میں رکھنا چاہتے ہیں

سیالکوٹ (سی ایم لنکس) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی بڑھتی ہوئی آبادی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے انتظامی ڈھانچے میں تبدیلی کی ضرورت

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 2 پر)

مزارِ اقبال پر گارڈز تبدیلی کی پروقار تقریب، پاک بحریہ نے فرائض سنبھال لیے

ان تقریبات کا مقصد اقبال کے فکری ورثے کو نئی نسلوں میں منتقل کرنا ہے

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور میں مزار اقبال پر گارڈز تبدیلی کی پروقار تقریب ہوئی، پاک بحریہ کیدستے نے مزار اقبال پر اعزازی گارڈز کے فرائض سنبھال لیے۔ پاکستان نیوی کے سٹیشن کمانڈر لاہور کموڈور مصباح الامین نے مزار اقبال پر پھول چڑھائے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 2 پر)

تھر پارکر کے خشک سالی متاثرین کیلئے بی آئی ایس پی کا بڑا اعلان

بی آئی ایس پی سندھ حکومت کو ڈیٹا بیس اور ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا

مٹھی (عسکر انٹرنیشنل رپورٹ) چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ تھر پارکر میں خشک سالی سے متاثرہ خاندانوں کی مالی معاونت کیلئے بی آئی ایس پی سندھ حکومت کو ڈیٹا بیس اور ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔ ڈپٹی کمشنر آفس مٹھی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ متاثرین کیلئے اضافی مالی امداد کیلئے صدر اور وزیراعظم سے بھی بات کروں گی، تھر پارکر کیلئے ایک اضافی موبائل رجسٹریشن وین بھی مختص کی

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 2 پر)

ملک بھر میں یوم اقبال قومی جوش و جذبے سے منایا گیا

شاعرِ مشرق کی فکر، فلسفے اور تصورِ پاکستان کو خراجِ عقیدت

اسلام آباد (آن لائن) شاعرِ مشرق، مفکرِ پاکستان اور عظیم فلسفی ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کا 149 واں یوم ولادت ملک بھر میں قومی جوش و جذبے سے منایا گیا۔ اس موقع پر قوم نے اپنے عظیم قومی شاعر کو خراجِ عقیدت پیش کیا، جنہوں نے اپنی شاعری، فکر اور فلسفے کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں خودی، خودداری، آزادی اور الگ قومی تشخص کا شعور بیدار کیا اور ایک آزاد مسلم ریاست کے تصور کو فکری بنیاد فراہم کی۔ علامہ محمد

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 2 پر)

علامہ اقبال نے تحریک پاکستان کی بنیاد رکھی، وفاقی وزیر احسن اقبال

ہمیں اپنی صلاحیتوں اور قومی وسائل پر اعتماد کرتے ہوئے علم و ہنر کے میدان میں آگے بڑھنا ہوگا

لاہور (یو این اے) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ علامہ محمد اقبال ہماری قومی تاریخ کا عظیم اثاثہ ہیں جنہوں نے اپنی فکر، شاعری اور پیغام کے ذریعے ایک سوئی ہوئی قوم کو بیدار کیا اور اسے ایسی فکری تحریک دی جو بالآخر قیام پاکستان

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 2 پر)



لاہور، وفاقی وزیر رضا حیات ہراج سے وزیراعظم محمد شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

قوم فکرِ اقبال پر عمل پیرا ہونے کے عزم کا اعادہ کرے، وزیراعظم

غزہ میں فلسطینی عوام کو انسانی امداد سے محروم رکھنے کے اسرائیلی اقدامات قابل مذمت ہیں، وزیراعظم شہباز شریف

علامہ اقبال کا فلسفہ خودی اور شاہین کی بلند پروازی کا تصور خود اعتمادی، اعلیٰ کارکردگی اور قومی تجدید کا پیغام دیتا ہے۔

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یومِ اقبال کے موقع پر شاعر مشرق علامہ محمد اقبال کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ اقبال کے افکار نے برصغیر کے مسلمانوں کو ان کی جداگانہ شناخت کا شعور دیا اور قیام پاکستان کی راہ روشن کی۔ پیر کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ یوم اقبال پر پاکستان کے عوام کے ساتھ مل کر علامہ محمد

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 2 پر)

اقبال نے اپنی فکر کے ذریعے امتِ مسلمہ کو روحانی بیداری، اتحاد اور آزادی کا درس دیا، سینیٹر شیری رحمان

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کے یومِ پیدائش پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں میں آزادی، خودداری اور قومی تشخص کا شعور اجاگر کیا، 1930 کا خطبہ الٰہ آباد برصغیر کے مسلمانوں کی سیاسی خودمختاری کے تصور کی بنیاد بنا۔ پی پی پی میڈیا سیل سے جاری پیغام میں شیری رحمان نے کہا کہ اقبال نے اپنی فکر کے ذریعے امتِ مسلمہ کو روحانی بیداری، اتحاد اور آزادی کا درس دیا، فلسفہ خودی نوجوانوں میں خود اعتمادی، بلند حوصلے اور اپنی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان میں فضائی آلودگی، ملتان اور لاہور میں پی ایم 2.5 کی سطح بلند

پنجاب حکومت نے گزشتہ روز ہی بھارت سے آلودہ ہوائیں لاہور پہنچنے اور سموگ میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا تھا

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان کے بڑے شہروں میں فضائی آلودگی کی سطح تشویش ناک حد تک بلند رہی، دیوالی کی آتش بازی کے بعد صورتحال مزید سنگین ہوگئی۔ پاکستان ایئر کوالٹی انیشی ایٹو (پی اے کیو آئی) کی جانب سے جاری ہوا نامہ رپورٹ کے مطابق 2 سے 8 نومبر 2026 کے دوران ملتان میں پی ایم 2.5 کی اوسط مقدار 241 مائیکروگرام فی مکعب میٹر ریکارڈ کی گئی، جو ملک کے زیرِ جائزہ شہروں میں سب سے زیادہ تھی۔ رپورٹ کے مطابق اس عرصے میں لاہور میں پی ایم 2.5 کی اوسط مقدار 214 مائیکروگرام فی مکعب میٹر رہی، جو عالمی ادارہ صحت کی مقرر کردہ گائیڈ لائن سے 14.3 گنا زیادہ ہے۔ لاہور میں فضائی آلودگی کی سطح انتہائی غیر صحت بخش درجے میں ریکارڈ کی گئی۔ کراچی میں پی ایم 2.5 کی اوسط مقدار 49 مائیکروگرام فی مکعب میٹر رہی جو عالمی ادارہ صحت کی گائیڈ لائن سے 3.3 گنا زیادہ ہے، جبکہ اسلام آباد میں یہ مقدار 65 مائیکروگرام فی مکعب میٹر ریکارڈ کی گئی، جو مقررہ حد سے 4.4 گنا

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 2 پر)

لاپتہ افراد سے متعلق بلوچستان اسمبلی کے منظور کردہ قانون پر عملدرآمد کیا جائے، نصر اللہ بلوچ

لاپتہ افراد کا مسئلہ حل ہوگا تو بلوچستان میں امن آئے گا، وزیراعلیٰ اپنا وعدہ پورا کریں، چیئرمین

کوئٹہ (یو این اے) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصر اللہ بلوچ نے بلوچستان حکومت اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان اسمبلی سے لاپتہ افراد سے متعلق منظور کیے گئے انسدادِ دہشت گردی بلوچستان ترمیمی ایکٹ 2025 پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور لاپتہ افراد کے معاملے پر کیے گئے وعدوں کو عملی شکل دی جائے۔ اپنے بیان میں نصر اللہ بلوچ نے کہا کہ بعض نکات پر انہیں تحفظات ہیں، تاہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو چاہیے کہ وہ لاپتہ افراد کے مسئلے کے حل کے حوالے سے اپنا وعدہ پورا کریں۔ بلوچستان میں جتنی جلدی یہ مسئلہ حل ہوگا، اتنی ہی جلد امن کی راہ ہموار ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کے معاملے پر منفی سوچ ختم کرنے اور اس مسئلے کو سنجیدگی سے حل کرنے کی ضرورت ہے۔ 2019 اور 2020 کے دوران اس منظور شدہ قانون میں گواہوں کے تحفظ سے متعلق

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 2 پر)

جماعت اسلامی کے 15 نومبر کے جلسہ عام کی تیاریاں تیز

عوام اور علما بڑی تعداد میں شرکت کریں گے، حافظ نور علی

کوئٹہ (پ ر) نومبر کو کوئٹہ جلسہ عام میں علمائے کرام، مدارس کے طلبا اور عوام بڑی تعداد میں شرکت کریں گے، تیاریاں تیز کر دی گئی ہیں۔ نو منتخب امیر جماعت اسلامی کوئٹہ مولانا حافظ نور علی اور نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالکبیر شاکر نے کہا ہے کہ 15 نومبر کو کوئٹہ میں مرکزی امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن اور امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی قیادت میں عظیم الشان جلسہ عام منعقد ہوگا، جس میں علمائے کرام، مدارس کے طلبا اور عوام الناس بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی، بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش، پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری اور عوام کو درپیش دیگر مسائل کے خلاف آواز بلند کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جماعت اسلامی عوام کے حقوق، امن، روزگار اور کاروبار کے تحفظ کے لیے ہر فورم پر

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)

بقیہ 1

ولادت پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ اقبال نے اپنی شاعری اور فکر سے مسلمانوں میں خودداری، آزادی اور قومی شعور بیدار کیا، خطب الہ آباد قیام پاکستان کی فکری بنیادوں میں اہم مقام رکھتا ہے۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف میڈیا سے جاری بیان کے مطابق سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ اقبال کا فلسفہ خودی خود اعتمادی، کردار سازی اور نظم و ضبط کا درس دیتا ہے، علامہ اقبال کا پیغام نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ نوجوان علم، تحقیق، جدت اور محنت کو اپنی زندگی کا شعار بنائیں، اقبال کا تصور ایک خوداعتماد، باشعور اور ذمہ دار فرد کی تعمیر ہے۔ سپیکر سردار ایاز صادق نے کہا کہ جمہوریت، آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی پاکستان کی ترقی کیلئے ناگزیر ہیں، علامہ اقبال کو حقیقی خراجِ عقیدت ان کی تعلیمات کو عملی زندگی میں اپنانا ہے۔

بقیہ 2

کی۔ انہوں نے کہا کہ خطبہ الہ آباد اور شاعری کے ذریعے اقبالؒ نے ایک آزاد اور خوددار قوم کا تصور پیش کیا، ملک میں قانون کی حکمرانی اور مساوی مواقع کو یقینی بنانا ہوگا، اقبالؒ کا تصور ایک ایسی قوم کی تشکیل تھا جو اپنے ایمان، تہذیب اور خودی پر اعتماد رکھتی ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ آزادی کا حقیقی مقصد انسانی وقار، عدل اور مساوات پر مبنی معاشرے کا قیام ہے، ہر فرد کو اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانے کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں، فکرِ اقبال آج بھی ہماری قومی زندگی کیلئے رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ فلسفہ خودی اپنی صلاحیتوں پر یقین اور کردار کی پختگی کا درس دیتا ہے، فکرِ اقبال کا تقاضا ہے کہ تعلیم و تحقیق کو ترجیح دی جائے، اداروں کو مضبوط اور محنت و خود انحصاری کے ذریعے پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہوگا۔ وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ نوجوان علامہ اقبالؒ کی امیدوں کا محور تھے، نوجوانوں کو معیاری تعلیم، ہنر اور آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے، نوجوان علم، تخلیقی سوچ اور خدمت خلق کے جذبے سے ملکی تعمیر میں کردار ادا کریں، اقبالؒ نے نوجوانوں کو مسلسل جستجو، بلند نگاہی اور مقصد سے وابستگی کا پیغام دیا، نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانا قومی ترقی کیلئے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اخوت اور انسانی وقار اقبالؒ کی فکر کے بنیادی اصول ہیں، پاکستان دنیا میں امن، انصاف اور باہمی احترام کے فروغ کیلئے کردار ادا کرتا رہے گا، پاکستان اقوام کی خودمختاری اور عوام کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا، تنازعات کے پُرامن حل کی حمایت پاکستان کی پالیسی کا حصہ ہے، فکرِ اقبال کو قومی فیصلوں اور عملی اقدامات کا حصہ بنانا ہوگا۔ نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ علم و عمل میں آگے اور معاشی طور پر مضبوط پاکستان کی تعمیر ہمارا عزم ہے، ایسا پاکستان چاہتے ہیں جہاں انصاف اور مساوی مواقع ہر شہری کو میسر ہوں، ملک میں قانون کی حکمرانی اور مساوی مواقع کو یقینی بنانا ہوگا، فکرِ اقبال پر عمل پیرا ہو کر ترقی یافتہ، خوشحال اور مضبوط پاکستان تعمیر کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 3

و ٹیکنالوجی کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانا چاہیے۔ اپنے پیغام میں وفاقی وزیر نے کہا کہ فکرِ اقبال اور وزیراعظم کی قیادت میں نوجوان نسل کو ڈیجیٹل پاکستان کے وژن اور فلسفہ خودی سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ علامہ اقبال نے نوجوانوں کو شاہین کی بلند پروازی، خود اعتمادی، خودداری اور مسلسل جدوجہد کا جو پیغام دیا، آج اسی جذبے کو جدید علوم اور ٹیکنالوجی کے ذریعے عملی شکل دینے کی ضرورت ہے۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ شاہین کے بلند پرواز وژن کو حقیقت میں بدلنے کے لیے نوجوان نسل کو جدید انفارمیشن ٹیکنالوجی کی مہارتوں سے آراستہ کیا جارہا ہے تاکہ وہ ڈیجیٹل معیشت میں مؤثر کردار ادا کرنے کے ساتھ عالمی سطح پر بھی اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کے افکار ہمیں روایتی سوچ کے محدود دائرے سے نکل کر سائنس، ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کی نئی دنیا تسخیر کرنے کا درس دیتے ہیں۔ اقبال کا تصورِ خودی نوجوانوں میں خود اعتمادی، تخلیقی صلاحیتوں اور خود انحصاری کو فروغ دینے کا اہم ذریعہ ہے۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ خودمختاری، علم پرست اور بااختیار نوجوان ہی ایک مضبوط، خودمختار اور ترقی یافتہ پاکستان کی حقیقی ضمانت ہیں۔ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کر کے ملک کو ڈیجیٹل ترقی کی راہ پر گامزن کرنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 4

کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور کاوشوں کو سراہا۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ میر علی آپریشن کی ویڈیوز دیکھ کر انہیں شدید دکھ ہوا کہ فتنہ الخوارج نے مساجد جیسے مقدس مقامات کو دہشت گردی اور اسلحہ ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال کیا۔ مساجد کا بنیادی مقصد عبادت، امن اور اسلام کی تعلیمات کو فروغ دینا ہے، ایسے مقامات کو مذموم سرگرمیوں کے لیے استعمال کرنا معاشرتی اور مذہبی اقدار کے منافی ہے۔ گورنر نے کہا کہ ضم شدہ اضلاع میں ماضی میں بھی مساجد کے غلط استعمال کی شکایات سامنے آتی رہی ہیں، جسے ہمارا معاشرہ کسی صورت قبول نہیں کرتا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پختونخوا میں پائیدار امن کے قیام کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مزید تیزی لائی جائے گی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا کہ صوبے میں مکمل امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں قابلِ تحسین ہیں

بقیہ 5

جدید مائننگ ٹیکنالوجی کے تبادلے اور پائیدار کان کنی کے فروغ کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم ہے، جس کے ذریعے پاکستان اور کینیڈا کے درمیان معدنی وسائل کی ترقی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو وسعت دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مائننگ ویلیو چین میں 4 ہزار سے زائد کینیڈین کمپنیاں سرگرم عمل ہیں، جو کان کنی، معدنی وسائل کی تلاش، جدید مشینری، ٹیکنالوجی اور دیگر متعلقہ شعبوں میں مہارت رکھتی ہیں۔ کینیڈین ہائی کمشنر نے کہا کہ کینیڈا پاکستان میں اپنی کمپنیوں کے ذریعے جدید مائننگ ٹیکنالوجی متعارف کرانے اور معدنی شعبے کی ترقی میں تعاون کرنے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان منرل انویسٹمنٹ فورم میں کینیڈین کمپنیوں کی شرکت سے دونوں ممالک کے درمیان کاروباری روابط مضبوط ہوں گے اور سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور مشترکہ منصوبوں کے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔ فورم میں کینیڈا کی شرکت پاکستان کے معدنی شعبے میں بین الاقوامی تعاون، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور پائیدار کان کنی کے فروغ کے حوالے سے دونوں ممالک کی دلچسپی کو اجاگر کرتی ہے۔

بقیہ 6

ٹھکانے قائم کرنا شعائر اسلام کی کھلی بے حرمتی ہے۔ بھارتی سرپرستی یافتہ فتنہ الخوارج کا اسلام کی بنیادی تعلیمات سے کوئی تعلق نہیں۔ افغان طالبان کی پشت پناہی سے سرگرم خوارجی دہشت گردوں کی جانب سے اسلام کی گمراہ کن تشریح ناقابل قبول ہے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق خیبر پختونخوا اور پاکستان کے عوام دہشت گردوں کی جانب سے مذہب کے غلط استعمال کو مسترد کرتے ہیں۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ علاقے میں بھارتی سرپرستی یافتہ دیگر دہشت گرد ٹھکانوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے جبکہ پاکستان کے بہادر سیکیورٹی اہلکار دہشت گردوں کے مزید ٹھکانوں کے خاتمے کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ ترجمان پاک فوج نے واضح کیا کہ عزمِ استحکام کے تحت ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔ سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسدادِ دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی اور ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی۔

بقیہ 7

بھی ہماری قومی زندگی کے لیے مشعلِ راہ ہے، اقبال نے نوجوان نسل کو بلند نظری، مسلسل جدوجہد اور اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کا درس دیا۔ پیر کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر یوم اقبال کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ اقبال کیا فکار و نظریات ہمیں ایک مضبوط، خوشحال، خودمختار اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر کے لیے علم، اتحاد، رواداری اور مسلسل جدوجہد کا پیغام دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یومِ اقبال کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ ہم شاعرِ مشرق کے خوابوں کی تعبیر کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے اور پاکستان کو ترقی و خوشحالی کی نئی بلندیوں تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 8

پر منحصر ہوتی۔ علامہ اقبال نے نہ صرف ایک آزاد وطن کا خواب دیکھا بلکہ اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے قائداعظم محمد علی جناح کا انتخاب کیا اور انہیں برصغیر واپس آ کر مسلمانوں کی قیادت کرنے کی دعوت دی۔ پیر کو یوم اقبال کے موقع پر وفاقی وزیر احسن اقبال نے مزار اقبال پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کر کے شاعرِ مشرق کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی قلمبند کئے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو ان کے شاندار ماضی کے روشن پہلوؤں سے روشناس کرایا اور ان میں یہ یقین پیدا کیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں، اجتماعی قوت اور بلند کردار کے ذریعے بڑے سے بڑے کارنامے سرانجام دے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقبال کی فکر عشق رسول ﷺ سے عبارت ہے جو انسان کو ایک ایسی روحانی قوت عطا کرتی ہے جو اسے مشکلات کے باوجود اپنے مقصد پر ثابت قدم رہنے کا حوصلہ دیتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم 2026 میں کھڑے ہیں اور آج سکول میں داخل ہونے والا ہر بچہ درحقیقت 2047 کے پاکستان کا معمار ہے، اس لیے ہمیں نئی نسل کو علم، تحقیق اور جدید علوم میں ایسی قابلیت سے آراستہ کرنا ہوگا کہ وہ مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی صلاحیتوں اور قومی وسائل پر اعتماد کرتے ہوئے علم و ہنر کے میدان میں آگے بڑھنا ہوگا تاکہ پاکستان ایک مضبوط، خودانحصار اور ترقی یافتہ ملک بن سکے۔

بقیہ 9

خودمختاری اور اتحاد کی بنیاد ہیں۔ اقبال کے تصورِ پاکستان کی تکمیل کے لیے مضبوط قومی دفاع، مستحکم معیشت اور قومی یکجہتی ناگزیر ہیں۔ ان کے نزدیک ایک مضبوط، خوشحال، خودمختار اور ناقابلِ تسخیر پاکستان ہی اقبال کے خواب کی حقیقی تعبیر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ افواجِ پاکستان ملک کی خودمختاری، سلامتی اور قومی وقار کی محافظ ہیں۔ پاک فوج نے ملکی دفاع اور استحکام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ افواجِ پاکستان کی جرات، پیشہ ورانہ صلاحیت اور بہادری پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری مسلح افواج نے ہر مشکل گھڑی میں وطن کے دفاع اور قومی سلامتی کی ذمہ داریاں بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت سے ادا کی ہیں۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی نے کہا کہ شاہینوں کے نام علامہ اقبال کا پیغام آج بھی نوجوان نسل میں بلند حوصلے، خود اعتمادی اور عزم و استقلال کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ ہمیں اقبال کے افکار کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بناتے ہوئے پاکستان کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرنا ہوگا۔ عبدالعلیم خان نے مزید کہا کہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے پوری قوم اپنے قومی اداروں اور افواجِ پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یومِ اقبال ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اتحاد، خودداری اور خود انحصاری کے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ہی پاکستان کو ایک مضبوط، خودمختار، خوشحال اور ترقی یافتہ ریاست بنا سکتے ہیں۔

بقیہ 10

اقبال 9 نومبر 1877 کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ان کی فکر مشرق کی روحانیت اور مغرب کے فلسفے کا حسین امتزاج ہے، جس نے انہیں عالمی سطح پر ایک منفرد مقام عطا کیا۔ ان کی شاعری نے مسلمانوں کو غلامی، مایوسی اور فکری جمود سے نکل کر خود اعتمادی، عمل اور جدوجہد کا راستہ دکھایا۔ علامہ اقبال نے 1930 میں خطبہ الہ آباد کے دوران برصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ ریاست کا واضح تصور پیش کیا، جو بعد ازاں تحریکِ پاکستان کی فکری بنیادوں میں شامل ہوا۔ ان کے افکار اور سیاسی بصیرت نے قائداعظم محمد علی جناح کی جدوجہد اور قیام پاکستان کی تحریک کو فکری سمت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ علامہ اقبال کی شاعری میں خودی، خودداری، اتحاد، اخوت، حریتِ فکر اور خود انحصاری کا پیغام نمایاں ہے۔ ان کا کلام نوجوان نسل میں بلند حوصلے، خود اعتمادی اور عزم و استقلال کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ ہمیں اقبال کے افکار کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بناتے ہوئے پاکستان کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرنا ہوگا۔ عبدالعلیم خان نے مزید کہا کہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے پوری قوم اپنے قومی اداروں اور افواجِ پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یومِ اقبال ہمیں اس عہد کی تجدید کا پیغام دیتا ہے کہ خودی، اتحاد، خودداری اور خود انحصاری کے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ہی پاکستان کو ایک مضبوط، خودمختار، خوشحال اور ترقی یافتہ ریاست بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ 11

جائے گی۔ سندھ حکومت کی جانب سے تھرپارکر کو خشک سالی سے متاثرہ آفت زدہ علاقہ قرار دیے جانے کے بعد چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد اسی روز ضلع تھرپارکر پہنچ گئیں۔ انہوں نے مٹھی، بدین اور عمرکوٹ کا دورہ کیا اور یقین دہانی کرائی کہ اس مشکل وقت میں بی آئی ایس پی سندھ حکومت اور متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت ایک موبائل رجسٹریشن وین تھر اور ایک عمرکوٹ میں سروے اور رجسٹریشن میں معاونت فراہم کر رہی ہے، لیکن اب تھرپارکر کے متاثرہ علاقوں کے لیے ایک اضافی موبائل رجسٹریشن وین بھی مختص کی جائے گی۔ چیئرپرسن نے مزید کہا کہ امدادی رقوم کی شفاف تقسیم اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس میں کنٹرول روم قائم کیا جائے گا۔ مستحقین کے ڈیجیٹل والٹ اکاؤنٹس کھولے جا رہے ہیں اور چھ بینکوں کے ذریعے ادائیگیاں کی جا رہی ہیں۔ ناجائز کٹوتیوں اور بدعنوانی میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل بی آئی ایس پی ثناء اللہ رند نے بتایا کہ تھرپارکر کے ساتوں تعلقوں میں سروے اور رجسٹریشن کے دفاتر فعال ہیں۔ ضلع میں بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والی خواتین کی تعداد تقریباً ایک لاکھ 26 ہزار، جبکہ وسیلہ پروگرام کے تحت مالی معاونت حاصل کرنے والے بچوں کی تعداد تقریباً ایک لاکھ 52 ہزار ہے۔

بقیہ 12

سمت فراہم کی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ڈاکٹر علامہ محمد اقبال محض ایک عظیم شاعر ہی نہیں بلکہ ایک ایسے مدبر مفکر اور صاحبِ بصیرت رہنما تھے جنہوں نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کیا اور انہیں اپنی صلاحیتوں پر اعتماد، بلند مقاصد کے تعین اور مسلسل جدوجہد کا درس دیا۔ ان کا تصورِ خودی انسان کو اپنی پہچان، خودداری، کردار کی مضبوطی اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا شعور عطا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر علامہ محمد اقبالؒ کا خواب ایک ایسے معاشرے کا قیام تھا جہاں عدل و انصاف، مساوات، علم، برداشت، اخوت اور انسانی وقار کو بنیادی اہمیت حاصل ہو۔

بقیہ 13

کاری بورڈ کے اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ اس اہم ترین عالمی پلیٹ فارم پر پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں، جہاں وہ پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع، سازگار کاروباری ماحول اور حکومت کی جانب سے کی جانے والی معاشی اصلاحات کو تفصیل سے اجاگر کریں گے۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر مختلف ممالک کے ہم منصب وزرا، عالمی مالیاتی اداروں کے سربراہان اور ممتاز ملٹی نیشنل کمپنیوں کے ایگزیکٹوز سے بھی سائیڈ لائن ملاقاتیں کریں گے تاکہ پاکستان میں براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کو متحرک کیا جاسکے۔ وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے کہا کہ حکومت کا عملی طور پر معاشی استحکام اور کاروباری عمل کو آسان بنانا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جنیوا سمٹ کے دوران خصوصی طور پر انفارمیشن ٹیکنالوجی، زراعت، قابل تجدید توانائی، کان کنی اور صنعت و مینوفیکچرنگ کے ترجیحی شعبوں میں دستیاب پرکشش مراعات کو دنیا کے سامنے رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ون ونڈو سہولت کاری اور پالیسی تسلسل کے باعث عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد مزید مضبوط ہو رہا ہے اور کانفرنس میں عالمی شراکت داروں کو پاکستان کے ترقیاتی سفر میں فعال کردار ادا کرنے کی باضابطہ دعوت دی جائے گی۔

بقیہ 14

سمت اور عملی جدوجہد کا پیغام دیا۔ علامہ محمد اقبال نے اپنی پوری زندگی مسلمانوں کی فکری و اخلاقی تربیت، ترقی اور عظمتِ رفتہ کی بحالی کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ انکی شاعری کا بنیادی مقصد مسلمانوں میں خود اعتمادی، خودی، اتحاد، اجتماعی شعور اور عمل کا جذبہ بیدار کرنا تھا۔ علامہ اقبال کا پیغام کسی ایک دور یا خطے تک محدود نہیں بلکہ موجودہ عالمی حالات میں مسلمانوں کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ان کے اتحاد، علم، خودی، برداشت اور اجتماعی جدوجہد کے افکار پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر چکے ہیں۔ علامہ اقبال نے اپنی فکر انگیز شاعری کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں ایک نئی روح پھونکی اور انہیں اپنی الگ قومی شناخت، سیاسی حقوق اور آزاد مستقبل کے حصول کی خاطر بیدار کیا۔ آج یومِ اقبال منانے کا اصل مقصد محض تقریبات کا انعقاد اور ان کی شاعری پڑھنا نہیں بلکہ ان کے افکار و نظریات کو سمجھنا، اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اپنانا اور ان کے پیغام خودی، علم، عمل اور اتحاد کو عملی شکل دینا ہے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہمیں بحیثیت قوم علامہ اقبال کے افکار سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے جدید علم، قومی یکجہتی اور اجتماعی ترقی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہی شاعرِ مشرق کو حقیقی خراجِ عقیدت اور ان کے خوابوں کی تعبیر کی جانب ایک عملی قدم ہوگا۔

بقیہ 15

اقبال کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ علامہ اقبال کا فلسفہ خودی اور شاہین کی بلند پروازی کا تصور خود اعتمادی، اعلیٰ کارکردگی اور قومی تجدید کا پیغام دیتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ علامہ اقبال کے امن، رواداری، انصاف اور امت مسلمہ کے اتحاد پر مبنی لازوال نظریات اور بصیرت پاکستان کی ہر جگہ رہنمائی کرتے رہیں گے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اس یوم اقبال پر ہم سب کو فکرِ اقبال کو گہرائی سے سمجھنے اور ان کے پیغام کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانے کے عزم کی تجدید کرنی چاہیے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے غزہ کے بہادر فلسطینی عوام کو بنیادی انسانی امداد سے محروم رکھنے کے اسرائیل کے مسلسل غیر قانونی اقدامات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اس کی شدید مذمت کی ہے۔ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ بارش کے پانی میں ڈوبے خیموں اور غزہ کے بے گھر بچوں کی دل دہلا دینے والی تصاویر انتہائی افسوسناک ہیں، جہاں بچوں کے پاس نہ کوئی محفوظ پناہ گاہ ہے اور نہ ہی انہیں غذائی قلت اور شدید سردی سے بچانے کا کوئی مناسب انتظام میسر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ جنگ بندی اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیوں اور فلسطینی عوام کے خلاف اسرائیلی جارحیت کے تسلسل کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ انہوں نے وزارت خارجہ کو ہدایت کی ہے کہ فلسطینی عوام کے لیے انسانی امداد کی فراہمی فوری طور پر بڑھانے کے لیے تمام ممکنہ ذرائع بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ 16

زیادہ ہے۔ رپورٹ میں پیش کوئی کی گئی ہے کہ 11 نومبر تک لاہور میں پی ایم 2.5 کی سطح 6 گنا ہو کر 179، کراچی میں بڑھ کر 65، اسلام آباد میں 71 جبکہ ملتان میں کم ہو کر 123 مائیکروگرام فی مکعب میٹر رہنے کا امکان ہے۔ رپورٹ کے مطابق دیوالی کی آتش بازی اور بھارتی پنجاب سے آنے والی آلودہ ہواؤں کے باعث لاہور سمیت پنجاب میں فضائی آلودگی خطرناک حد تک بڑھ گئی۔ پنجاب حکومت نے گزشتہ روز ہی بھارت سے آلودہ ہوائیں لاہور پہنچنے اور سموگ میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا تھا۔

بقیہ 17

صلاحیتوں پر یقین پیدا کرتا ہے، اقبال کے افکار آج بھی نئی نسل کے لیے فکری رہنمائی اور عملی جدوجہد کا پیغام ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اقبال کا تصورِ پاکستان ایک آزاد، ترقی پسند اور باوقار قوم کی تشکیل کا عکاس ہے، ہمیں اقبال کے خواب کے مطابق ایسا پاکستان تشکیل دینا ہے جہاں امید، مساوات اور جمہوری اقدار کو فروغ حاصل ہو۔

بقیہ 18

ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں نئے صوبوں کے قیام سے متعلق تجویز گزشتہ 2 ماہ سے زیر بحث ہے اور میرے خیال میں ملک میں انتظامی یونٹس تشکیل دیے جانے چاہئیں، کیونکہ دنیا کے مختلف ممالک میں بھی انتظامی ضروریات کے تحت ایسا نظام رائج ہے۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ اگر ملک میں 12 انتظامی یونٹس بنانے کی تجویز ہے تو اس پر عمل کیا جاسکتا ہے، تاہم ان کی تشکیل میں زبان، نسل یا سیاسی مفادات کو بنیاد نہیں بنانا چاہیے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان کی آبادی میں نمایاں اضافہ ہو چکا ہے، اس لیے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے انتظامی اختیارات کی تقسیم ضروری ہے۔ انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ افغانستان میں پہلے 8 سے 10 صوبے تھے، جنہیں تقسیم کر کے ان کی تعداد 30 سے 32 تک پہنچا دی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبائی دارالحکومتوں میں مرتکز اختیارات انتظامی یونٹس کو منتقل ہونے چاہئیں تاکہ لاہور، کراچی، کوئٹہ اور پشاور میں طاقت کا ارتکاز ختم ہو سکے۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ وفاق کی جانب سے منتقل کیے جانے والے فنڈز صوبائی حکومتوں کے رحم و کرم پر رہ جاتے ہیں، حالانکہ ان وسائل کا اصل ہدف بلدیاتی ادارے ہوتے ہیں، جو صوبائی حکومتوں کے اختیار اور ان کی مرضی کے تابع ہیں۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ سیاستدانوں کو اس بنیادی حقیقت پر غور کرنا چاہیے کہ اقتدار اور اختیارات عوام کی امانت ہیں، لیکن سیاستدانوں کا عمومی نقطہ نظر یہ ہے کہ وہ تمام اختیارات اپنے ہاتھوں میں رکھنا چاہتے ہیں۔

بقیہ 19

اور فاتحہ خوانی کی۔ مہمان خصوصی نے پاکستان ریجنز اور بحریہ کے دستوں کا معائنہ کیا اور مزار اقبال پر مہمانوں کی کتاب میں تاثرات قلمبند کیے۔ علاوہ ازیں صدر مملکت آصف علی زرداری نے یوم اقبال کے موقع پر پیغام میں کہا ہے کہ علامہ اقبال کے کلام نے برصغیر کے مسلمانوں کو مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کی طاقت کا احساس دلایا۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کی امنگوں کو فکری رہنمائی دی، علامہ اقبال کی شاعری میں آزادی، باعزت زندگی کے حصول کی جدوجہد کا پیغام ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ علامہ اقبال کی شاعری نے استحصال کے خلاف آواز اٹھائی، علامہ اقبال کی شاعری نے غریبوں کو حقوق اور مقام کا احساس دلایا، ان کی شاعری نے محنت کرنے والوں کی عزت و وقار کو اہمیت دی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ یومِ اقبال کے پُرمسرت موقع پر شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کو دلی خراجِ عقیدت پیش کرتا ہوں، علامہ اقبال نیمسلمانانِ برصغیر میں سیاسی شعور بیدار کیا تاکہ وہ اپنی جداگانہ قومی شناخت کو پہچان سکیں۔ اسی منفرد تشخص کے شعور نے حصول وطن کی جدوجہد میں کلیدی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آج سے اگلے سال 9 نومبر تک علامہ اقبال کی ولادت کی ڈیڑھ سوویں سالگرہ منائے گی، حکومت سال بھر کے لئے قومی اور بین الاقوامی تقریبات پر مشتمل خصوصی پروگرام کا باضابطہ آغاز کر رہی ہے، جس میں بین الاقوامی کانفرنسیں، علمی و تحقیقی مذاکرے، ادبی میلے، نمائشیں، تعلیمی مقابلے اور ثقافتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان تقریبات کا مقصد اقبال کے فکری ورثے کو نئی نسلوں میں منتقل کرنا ہے۔

بقیہ 20

جریدہ دی وائر کے مطابق بھارتی فوج کو انڈیا نائزیشن کے نام پر آر ایس ایس کے ہندوتوا نظریے سے ہم آہنگ اور نظریاتی طور پر تابع فورس بنانے کی کوششیں جاری ہیں

بقیہ 21

پیرا ہونے سے ہی پاکستان ایک اعتدال پسند اور فلاحی ریاست بنے گا۔ یوم اقبال؟ پر شاعرِ مشرق کی فکر کو اپنانے اور پاکستان کو سربلند کرنے کا عہد کرتے ہیں۔ علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو بیداری کا پیغام دیا اور دو قومیت کا شعور بیدار کیا۔ علامہ اقبال؟ کی فکر انگیز شاعری نے برصغیر کے مسلمانوں کو متحرک اور بیدار قوم میں تبدیل کر دیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ علامہ اقبال اسلام کے آفاقی پیغام کے علمبردار ہیں جو ہر زمانے کیلئے زندہ و پائندہ ہے۔ علامہ اقبال کے افکار پر عمل پیرا ہو کر آزاد نہ، منصفانہ اور عادلانہ معاشی و سماجی نظام قائم کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ اقبال؟ کے فکر و فلسفہ کی حقیقی تعبیر سے ہی پاکستان سیاسی، معاشی، مذہبی اور معاشرتی لحاظ سے دنیا میں ممتاز مقام حاصل کرے گا۔ آج کے دن ہمیں بحیثیت قوم علامہ اقبالؒ کے افکار کو مشعل راہ بنانے کے عزم کا اعادہ کرنا ہے۔

بقیہ 22

پر سفر کرنا بھی انتہائی خطرناک اور دشوار بن چکا ہے۔ ان تمام حالات نے عوام کو شدید مشکلات اور عدم تحفظ سے دوچار کر رکھا ہے۔ یہ صورتحال محض بدامنی نہیں بلکہ اس کے پس پردہ ہمارے وسائل، بالخصوص مائنز اینڈ منرلز پر قبضے کی سازشیں کارفرما ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ صوبے میں حکومت کا عملی طور پر کوئی وجود دکھائی نہیں دیتا، حکومتی ادارے اپنے آئینی اور قانونی فرائض انجام دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں اور امن و امان کی صورتحال روز بروز بدترین ہوتی جا رہی ہے۔ گزشتہ دنوں ضلع قلعہ عبداللہ اور پنجپائی کے علاقے مختیل میں پیش آنے والے دہشت گردی کے واقعات سمیت دیگر افسوسناک واقعات نے حکومتی نااہلی، بے حسی اور انتظامی ناکامی کو ایک بار پھر بے نقاب کر دیا ہے۔ صوبے کی اہم شاہراہوں پر عوام کا آزادانہ سفر تک محفوظ نہیں رہا، جو حکومتی رٹ کے مکمل خاتمے کا واضح ثبوت ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ان سنگین حالات نے آل پارٹیز کو مشترکہ احتجاجی تحریک شروع کرنے پر مجبور کیا ہے، جس کی پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی مکمل حمایت کرتی ہے۔ پارٹی کی تمام ضلعی تنظیمو

سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو منشیات فروش خواتین گرفتار

امر بالمعروف ونہی عن المنکر
اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

کوئٹہ (آن لائن) حب سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو منشیات فروش خواتین کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2 کلو 92 گرام منشیات برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق اسلٹ لی وِنگ ہیڈکوارٹر حب کے ایڈیشنل ایس پی حب مرزا بلال حسن کی ہدایت پر سٹی پولیس حب کے عملے نے جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 خواتین سے 2 کلو 92 گرام منشیات برآمد کرکے انہیں گرفتار کرلیا۔ خواتین کراچی کے سرجانی ٹاؤن کی رہائشی ہیں ان کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔ خواتین کراچی کے سرجانی ٹاؤن کی رہائشی ہیں ان کے خلاف مقدمہ درج کرکے

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5پر)

ہرنائی میں یوم اقبال کے حوالے سے شاندار ریلی نکالی گئی

ہرنائی (آن لائن) ہرنائی میں یوم اقبال کے حوالے سے شاندار ریلی نکالی گئی، ڈپٹی کمشنر ہرنائی بوائز ہائی اسکول ہرنائی سے ریلی نکالی گئی، مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی واپس اسکول پہنچی ضلعی انتظامیہ کے جانب سے یوم اقبال کے حوالے سے سیمینار کا انعقاد کیا گیا سیمینار کی صدارت ڈی سی ہرنائی ارشد حسین جمالی نے کی سیمینار میں اے پی سی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جھالا کرانی، ڈی ایچ او ڈاکٹر شعیب اکرم مینگل، ڈی ای او اعظم حیدری شرکت سیمینار میں تمام محکموں کے افسران، اساتذہ اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی مقررین نے 9

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5پر)

گورنمنٹ پرائمری سکول برائے العلوم چمن میں یوم اقبال تقریب کا انعقاد

علامہ اقبال کا پیغام خودی اور شاہین کا تصور ہی امت مسلمہ کا روشن مستقبل ہے۔ مقررین

چمن (نامہ نگار) شاہراہ منشیات مظہر پاکستان علامہ ڈاکٹر محمد اقبال ؟ کے یوم ولادت کی مناسبت سے گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ برائے العلوم چمن میں تقریب منعقد ہوئی جس کی چیئرمین سکول تعلیمی کمیٹی پی ٹی ایس ایم چمن کے چیف ایجوکیشن آفیسر حضرت مولانا فضل محمد چمنی نور الدین مرغہ گھوڑا ہسپتال روڈ چمن کے زیر اہتمام ایک عظیم الشان اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس میں اساتذہ کرام، تعلیمی کمیٹی کے عہدیداران، طلباء و علاقہ معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کے بعد سکول طلباء نے علامہ اقبال کی شاعری کے مشہور زمانہ کلام ملی نغمے اور ملی ترانے پیش کیے۔ خودی پر مبنی منظوم خراج تحسین پیش کر کے حاضری کو درج

(بقیہ 2اندرونی صفحہ 5پر)

چین کی 16 امریکی اداروں پر برآمدی پابندیوں کی معطلی میں مزید دو ماہ کی توسیع کا فیصلہ

بیجنگ (سی ایم لنکس) چین نے 16 امریکی اداروں پر عائد برآمدی کنٹرول اقدامات کی معطلی میں مزید دو ماہ کی توسیع کردی ہے، جس کا اطلاق منگل سے ہوگا۔ شنوا کے مطابق چینی وزارت تجارت کے ترجمان نے بتایا کہ یہ فیصلہ چین اور امریکا کے درمیان اقتصادی و تجارتی مشاورت کے آخویں دور میں طے پانے والے اتفاق رائے پر عملدرآمد کی کوششوں کا حصہ ہے۔ چین نے اپریل 2025 میں ان 16 امریکی اداروں کو برآمدی کنٹرول کی فہرست میں شامل کرتے ہوئے انہیں دوہرے استعمال کی اشیا کی برآمد پر پابندی عائد کی تھی۔ ترجمان نے کہا کہ ان اداروں کو دوہرے استعمال کی اشیا

(بقیہ انڈرونی صفحہ 5پر)



کوئٹہ اور سریاب میں گیس و بجلی کی ناپیدگی فارم 47 کی حکومت کی نااہلی ہے، آغا حسن بلوچ

بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے باوجود بھاری بلوں کی وصولی عوام سے ناانصافی ہے، مذمتی بیان

سریاب سمیت کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس و بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کرکے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات، سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا ہے کہ سریاب کے بیشتر علاقوں میں گیس اور بجلی ناپید ہو چکی ہے جبکہ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، بجلی اور پانی کی شدید قلت اور گیس کی عدم فراہمی کے باوجود بھاری بھرکم بلوں کی وصولی عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے، فارم 47 کے حکمرانوں کے اقتدار میں آنے کے بعد بلوچستان بالخصوص کوئٹہ کے عوام کے مسائل اور مشکلات میں مسلسل اضافہ ہوا ہے، حکمرانوں کی نااہلی اور ناقص پالیسیوں نے بنیادی سہولیات کا نظام مفلوج کر دیا ہے، موجودہ حکمرانوں کو عوام کے مسائل اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ سریاب سمیت کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس و بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کیا جائے۔

(بقیہ 5اندرونی صفحہ 5پر)

حب: میر علی حسن زہری کی کاوشوں سے ورنگ وِدن ہاسٹل اور پبلک پارک کی تعمیر کے آخری مرحلے کا کام تیزی سے جاری ہے

علامہ اقبال کا تصور پاکستان اور فلسفہ خودی آج بھی ہماری قومی زندگی کا اہم ذریعہ ہے، میر عبدالرؤف رند

نوجوان نسل علامہ اقبال کے پیغام خودی کو اپنا کر ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام میں بھرپور کردار ادا کرے

کوئٹہ (آن لائن) بروز جمعرات امام بارگاہ امام مہدی ہزارہ ٹاؤن کی نوتعمیر شدہ مسجد میں یوم اقبال کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر رحمٰنی رند نے کہا کہ آج پاکستان کی یکجہتی، جمہوریت، سماجی انصاف، معیاری تعلیم اور نوجوانوں کو یکساں مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقبال کے خواب کی حقیقی تعبیر کے لیے ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں علم، دیانت، مساوات اور انسانی وقار کو بنیادی اہمیت حاصل ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل علامہ اقبال کے پیغام خودی کو اپنا کر ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام میں بھرپور کردار ادا کرے۔

(بقیہ 7اندرونی صفحہ 5پر)



ترجمہ: جامعہ ترجمہ کے شعبہ سیاسیات کے سربراہ ڈاکٹر شجاع احمد کاظمی کی جامعہ کراچی کے شعبہ سیاسیات کی جانب سے اعزازات سے نوازا جارہا ہے

امریکا کا ایران کے مطالبات قبول کرنے سے انکار

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ہرمنگ کا خاتمی حل چاہتے ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ ہمارے مطالبات غیر معقول نہیں ہیں ہم چاہتے ہیں کہ ایران جوہری ہتھیار کبھی حاصل نہ کرے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ایران اپنی جوہری صلاحیت کو ختم کرے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ایران اپنی میزائل صلاحیت کو ختم کرے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ایران اپنی پراکسی فورسز کی حمایت ختم کرے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ایران آبنائے ہرمز کو بند نہ کرے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ایران اپنے پڑوسیوں کو دھمکیاں دینا بند کرے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ایران اپنے پڑوسیوں پر حملے بند کرے۔ ہم چاہتے ہیں کہ ایران اپنے پڑوسیوں کے خلاف دہشتگردی

روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
ETLA-E-AAM
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر
نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2820055 ، 081-2453865
081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

علامہ اقبال کا 150واں یوم پیدائش

آج مفکرِ پاکستان ڈاکٹر علامہ محمد اقبال؟ کا 150واں یوم پیدائش ہے۔ وہ 9 نومبر 1877ء ؟ کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے تھے۔ اس موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل ہے۔ علامہ اقبال؟ کے والد شیخ نور محمد مذہبی رجحان رکھنے والے، سادہ مزاج اور صوفیانہ طبیعت کے انسان تھے جبکہ والدہ امام بی معاملہ فہم، صاحب بصیرت اور انتہائی شفیق خاتون تھیں۔ ڈاکٹر جاوید اقبال اپنی کتاب ''زندہ رود'' میں لکھتے ہیں کہ علامہ اقبال؟ کی پیدائش سے چند روز قبل شیخ نور محمد نے خواب دیکھا کہ ایک سفید کبوتر وسیع میدان میں پرواز کر رہا ہے اور لوگ اسے پکڑنے کی کوشش کر رہے ہیں، بالآخر وہ کبوتر ان کی جھولی میں آ گرا۔ انہوں نے اس خواب کو اپنے ہاں پیدا ہونے والے بچے کی غیر معمولی شخصیت کی بشارت تصور کیا۔ اقبال؟ کی والدہ رسمی تعلیم سے محروم تھیں لیکن ان کی ذہانت، معاملہ فہمی اور خدمت خلق کا جذبہ نمایاں تھا۔ وہ گھر کے معاملات سنبھالنے کے ساتھ محلے کے تنازعات حل کرانے اور غریب خاندانوں کی خواتین اور بچیوں کی مدد بھی کیا کرتی تھیں۔ شیخ نور محمد کی خواہش تھی کہ ان کا بیٹا دینی تعلیم حاصل کرے، چنانچہ جب علامہ اقبال؟ کی عمر چار سال چار ماہ ہوئی تو وہ انہیں مولانا غلام حسن کے پاس مسجد لے گئے، جہاں ان کی ابتدائی تعلیم کا آغاز ہوا۔ اقبال؟ اپنی والدہ سے غیر معمولی محبت کرتے تھے اور ان کی وفات کے بعد لکھی گئی نظم کے اشعار آج بھی ماں سے محبت اور اولاد کے جذبات کی بہترین ترجمانی کرتے ہیں۔

اقبال؟ کی علمی اور ادبی شخصیت کی تشکیل میں ان کے اساتذہ کا بہت بڑا ہاتھ تھا۔ مولوی غلام حسن سے دینی تعلیم حاصل کرنے کے بعد مولوی سید میر حسن نے ان کی علمی استعداد کو پہچانا اور رہنمائی کا سلسلہ جاری رکھا۔ سید میر حسن عربی، فارسی اور مشرقی علوم کے ممتاز عالم تھے، جنہوں نے اقبال؟ کو کلاسیکی ادب، اسلامی تاریخ، مذہبی علوم اور زبان و بیان کی باریکیوں سے روشناس کرایا۔ سیالکوٹ میں سکاچ مشن سکول اور مرے کالج سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد اقبال؟ 1895ء ؟ میں اعلیٰ تعلیم کے لئے لاہور آئے اور گورنمنٹ کالج میں داخلہ لیا۔ یہاں سر تھامس آرنلڈ کی شاگردی نے ان کی فکری تربیت میں اہم کردار ادا کیا۔ آرنلڈ نے ان کی ذہانت اور فلسفیانہ استعداد کو پہچانا اور جدید مغربی فکر سے روشناس کرایا۔ یوں اقبال؟ کی شخصیت میں ایک طرف سید میر حسن کی فراہم کردہ مشرقی علمی بنیاد تھی تو دوسری طرف سر تھامس آرنلڈ کی رہنمائی میں حاصل ہونے والا مغربی فلسفے کا شعور۔

اعلیٰ تعلیم؟ نہوں نے 1897ء ؟ میں بی اے اور 1899ء ؟ میں فلسفے میں ایم اے کی ڈگری حاصل کی۔ اسی برس اورینٹل کالج لاہور میں عربی کے ریڈر مقرر ہوئے اور بعد ازاں گورنمنٹ کالج میں بھی تدریسی خدمات انجام دیں۔ اقبال؟ کی شادی 1893ء ؟ میں کریم بی بی سے ہوئی۔ شاعری میں دلچسپی نے باقاعدہ ادبی شناخت اختیار کی۔ 1900ء ؟ میں انجمن حمایت اسلام کے سالانہ جلسے میں ان کی نظم ''نالہ یتیم'' پڑھی گئی جبکہ 1901ء ؟ میں نظم ''ہمالہ'' رسالہ مخزن میں شائع ہوئی۔ ان کی ابتدائی شاعری وطن سے محبت، انسانی ہمدردی، اخلاقی اقدار اور قدرت کے مناظر کی منظر کشی کرتی تھی۔ 1903ء ؟ میں کتاب ''علم الاقتصاد'' کی اشاعت سے واضح ہوا کہ ان کی علمی دلچسپیاں شاعری تک محدود نہیں بلکہ معاشیات اور سماجی علوم بھی ان کے مطالعے کا حصہ تھے۔ اسی دور میں مسلمانوں کے علمی زوال، معاشرتی کمزوریوں اور تہذیبی مسائل کے بارے میں ان کا غور و فکر بڑھا اور شاعری میں قومی شعور، اجتماعی زندگی اور انسانی کردار کی تعمیر جیسے موضوعات نمایاں ہونے لگے۔ اقبال؟ 1905ء ؟ میں اعلیٰ تعلیم کے لئے یورپ روانہ ہوئے تو ان کی زندگی ایک نئے اور فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو گئی۔ کیمبرج یونیورسٹی میں فلسفے کی تعلیم، لنکز ان سے قانون کی تعلیم اور جرمنی کی میونخ یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کا حصول ان کے علمی سفر کے اہم مراحل تھے۔ یورپ میں قیام کے دوران انہیں مغربی تہذیب کی ترقی، سائنسی کامیابیوں، سیاسی نظام اور معاشرتی تبدیلیوں کا قریب سے مشاہدہ کرنے کا موقع ملا تاہم انہوں نے اس تہذیب کے فکری تضادات اور مادہ پرستی کو بھی محسوس کیا۔ ان تجربات نے بعد ازاں ان کی شاعری اور فلسفے میں مشرق و مغرب کے تقابل، خودی، عشق، عمل اور روحانی بیداری جیسے موضوعات کو نمایاں کیا۔ اقبال؟ نے 1908ء ؟ میں وطن واپسی کے بعد تدریس اور وکالت کے ساتھ علمی و ادبی سرگرمیاں جاری رکھیں۔ ''بانگِ درا''، ''بالِ جبریل''، ''ضربِ کلیم'' اور فارسی تصانیف نے انہیں برصغیر ہی نہیں بلکہ عالم اسلام کے نمایاں مفکر اور شاعر کے طور پر متعارف کرایا۔ انہوں نے مسلمانوں کو ماضی کی عظمت پر محض فخر کرنے کے بجائے علم، عمل، اتحاد اور خود اعتمادی سے مستقبل تعمیر کرنے کی دعوت دی۔

سیاسی میدان میں اقبال؟ کی فکر نے برصغیر کے مسلمانوں کی جداگانہ شناخت اور مستقبل کے بارے میں نئی بحث کو جنم دیا۔ انہوں نے سیاسی تحریکوں میں بھرپور حصہ لیا۔ 1922ء ؟ میں حکومت برطانیہ کی طرف سے انہیں ''سر'' کا خطاب دیا گیا اور وہ آل انڈیا مسلم لیگ کے صدر بھی منتخب ہوئے۔ الٰہ آباد میں 1930ء ؟ میں دیا گیا ان کا مشہور صدارتی خطبہ تاریخی اہمیت رکھتا ہے جس میں انہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کے لئے الگ سیاسی وحدت کا تصور پیش کیا۔ علامہ اقبال؟ کی فکر اور قائداعظم محمد علی جناح؟ کی انتھک جدوجہد نے قیامِ پاکستان کی راہ ہموار کی تاہم اقبال؟ آزادیِ پاکستان سے پہلے ہی 21 اپریل 1938ء ؟ کو انتقال کر گئے۔

علامہ اقبال؟ کی زندگی کا بنیادی سبق یہی ہے کہ غیر معمولی شخصیات کی تعمیر میں خاندانی تربیت، تعلیم، کردار اور اپنے عہد کے حالات کو سمجھنے کی صلاحیت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے مسلسل محنت، اپنی فکر اور شاعری کے ذریعے سیاسی غلامی اور فکری جمود کا شکار قوم کو بیداری کا پیغام دیا۔ ان کا کلام دنیا بھر میں پڑھا جاتا ہے، لوگ ان کی شاعری اور فلسفے سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ بحیثیت قوم ہم نے ان کے فلسفے سے کتنا استفادہ کیا ہے۔ کیا آج کا پاکستان وہ ملک ہے جس کا خواب اقبال؟ نے دیکھا تھا؟ یہاں تو حالت یہ ہے کہ اردو زبان کو تا حال مکمل سرکاری زبان کا درجہ نہیں مل سکا باوجود اس کے کہ یہ آئین میں درج ہے اور سپریم کورٹ کے احکامات بھی موجود ہیں۔ لازم ہے کہ ہم اپنے گریبان میں جھانکیں، اپنے قول اور فعل کا جائزہ لیں، شاعرِ مشرق کے اصولوں کو مشعلِ راہ بنائیں، ان پر چل کر ہی مضبوط اور مستحکم پاکستان کی راہ ہموار کی جا سکتی ہے۔

افواہیں اور سیاسی استحکام

سیاسی استحکام نہ ہو تو ایک خلاء ؟ پیدا ہوتا ہے اور اس خلاء ؟ میں افواہیں جنم لیتی ہیں جیسا کہ اس وقت ہو رہا ہے۔ جب حکومت کے وزیر بھی کہنے

نسیم شاہد

لگیں کہ نئی ٹیم لانے کا سوچا جا رہا ہے اور کچھ تجزیہ نگار بھی یہ خبر دے رہے ہوں تو پھر افواہوں کا بازار گرم ہو جاتا ہے۔ ایک عام آدمی کی زبان پر بھی یہی سوال ہے، کیا بن رہا ہے؟ کیا بنے گا؟ ایسی صورتحال میں سب سے زیادہ نقصان ملکی معیشت کا ہوتا ہے، سرمایہ کاری کوئی ایک دن کا کام نہیں ہوتا۔ سرمایہ دار بہت سوچ سمجھ کے قدم اٹھاتے ہیں اگر بے یقینی ہو تو وہ ہاتھ کھینچ لیتے ہیں کیونکہ پالیسیاں مستحکم نہ رہیں تو بڑے خسارے کا باعث بن جاتی ہیں۔ بظاہر لگتا ہے سب کچھ ٹھیک چل رہا ہے۔ قومی اسمبلی موجود ہے، سینیٹ قائم ہے، صدر، وزیراعظم کام کر رہے ہیں۔ ایک صوبے میں گورنر راج لگ گیا ہے، تین صوبے جمہوری انداز میں رواں دواں ہیں، مگر ان سب کے باوجود ایک چیز غائب ہے اور وہ ہے سیاسی استحکام۔ اب بلاول بھٹو زرداری کے اس سوال کو نظر انداز کیسے کیا جا سکتا ہے کہ اگر آپ تحریک انصاف اور مولانا فضل الرحمن سے الجھتے رہیں گے تو ملک آگے کیسے جائے گا؟ یہ دونوں تو بنیادی حقیقتیں ہیں یا تو ان سے بنا کر رکھی جائے، یا پھر ان سے لڑتے رہیں، لڑیں گے تو عدم استحکام ہی پیدا ہوگا۔ گورنر راج لگا تو یہی سیاسی جماعتیں جو اقتدار میں ہیں صفائیاں دیتی رہیں کہ ہم نے یہ فیصلہ نہیں کیا۔ پیپلز پارٹی جس کے گورنر نے خیبر پختونخوا کی حکومت سنبھالی، بھی یہی کہتی رہی ہمارا اس میں کوئی کردار نہیں۔ مسلم لیگ (ن) کے وزراء ؟ کی ٹی وی ٹاک شوز میں باتیں شاتیں تو کرتے ہی ہیں، ہمارا فیصلہ نہیں ہے۔ یہ کیسی حالت ہے کہ جس میں سامنے کے چہرے اپنی بریت کا اعلان کرتے ہیں اور ریاستی مناصب پر براجمان بھی ہیں۔ ایسی صورتحال میں افواہیں جنم نہ لیں تو اور کیا ہو۔ کوئی ذرا سی بات ہو جائے تو اُسے تبدیلی کے اشارے سے جوڑ دیا جاتا ہے۔ کیا یہ سب شاخِ نازک پر آشیانے بنے ہوئے ہیں۔ بھلے وقتوں کی بات ہے جب حکومت کے بارے میں ایسی افواہیں اڑتی تھیں تو وزیراعظم خم ٹھونک کر بیان دیتے تھے۔ حکومت کہیں نہیں جا رہی اپنی مدت پوری کرے گی۔ ذوالفقار علی بھٹو جیسے مقبول وزیراعظم کو بھی ناز ک دنوں میں اپنے اقتدار کی کرسی کے ہتھے پر مکا مار کر یہ کہنا پڑ گیا تھا کہ میری کرسی مضبوط ہے، میں کہیں نہیں جا رہا۔ ان افواہوں کا توڑ کرنے کے لئے کوئی تو کوشش ہونی چاہئے، کوئی تو مضبوط آواز اٹھنی چاہئے۔

2024ء ؟ کے انتخابات سے جب یہ نظام قائم ہوا تو اس کی مضبوطی کا تاثر دینے کے لئے خود حکومتی حلقوں نے یہ اصطلاح استعمال کی کہ یہ ہائبرڈ نظام ہے، یعنی اسٹیبلشمنٹ اور سیاسی حکومت ایک پیج پر ہیں۔ اس سے تو قعات بڑھیں کہ ملک میں استحکام آئے گا، ترقی ہوگی، معیشت چلے گی اور خوشحالی کا دور دورہ ہو گا۔ سرمایہ کاری بڑھانے اور بیرونی سرمایہ کاروں کو متوجہ کرنے کے لئے ایک ادارہ بھی بنایا گیا اور توقع ظاہر کی گئی ملک میں بیرونی سرمایہ کار بڑی تعداد میں صنعتیں لگائیں گے۔ رفتہ رفتہ ہائبرڈ نظام کی اصطلاح بھی پس منظر میں چلی گئی، معیشت دانوں کا متفقہ موقف یہ رہا ہے کہ سرمایہ کار اُن ممالک کا رخ کرتے ہیں جہاں عدلیہ مضبوط ہوتی ہے کیونکہ اُن کے حکومت سے معاہدے اور بعد ازاں حکومتی محکموں سے جو معاملات الجھتے ہیں تو عدالتوں کا رُخ کرتے ہیں یہ بدقسمتی ہے کہ اس وقت عدلیہ کو سمجھنا آسان نہیں۔ سپریم کورٹ اور آئینی عدالت کے درمیان اختیار کی لکیر کہاں ختم ہوتی ہے۔ اس بارے میں خود قانون دانوں کو بھی زیادہ خبر نہیں پھر وہ سیاسی کشیدہ فضاء ؟ جواب نظام کے جملہ متعلقین کو سوچنا چاہئے اِس ملک کا مقدر بن گئی ہے سرمایہ کاروں میں تحفظات کو جنم دیتی ہے۔ استحکام کو ملک میں جاری رکھنا ہے۔ مسئلے کا حل یہ نہیں کہ نئی ٹیم لائی جائے۔ مسئلے کا حل پالیسی بدلنے میں ہے۔ جرائت مندانہ فیصلوں میں ہے اور سیاسی کشیدگی کم کرنے میں ہے۔ ایک کے بعد دوسرا محاذ کھولنے سے تو کوئی مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔ تحریک انصاف کے بعد مولانا فضل الرحمٰن کو دیوار سے لگانے کی کیا ضرورت تھی، بات تو اُس وقت بگڑی تھی جب تحریک انصاف کا لانگ مارچ ختم کرانے کی کوششوں کے نتائج کا انتظار کئے بنا گورنر راج لگا دیا گیا۔ پھر وزراء کی طرف سے ایسے بیانات بھی دیئے گئے جن کی کوئی ضرورت نہیں تھی اور اُن سے بچا جا سکتا تھا۔ یہ ایک آزمودہ بات ہے حکومت اشتعال کو بڑھاتی نہیں، کم کرتی ہے مگر یہاں معاملہ اُلٹ دیکھنے میں آیا۔

جمہوری ممالک میں ہم نے بارہا دیکھا ہے کہ حکومت کے حوالے سے بے یقینی یا عدم استحکام بڑھتا ہے تو مڈٹرم انتخابات کا راستہ اختیار کیا جاتا ہے کیونکہ جمہوریت میں استحکام کا واحد راستہ یہی ہے۔ ہمارے ہاں صورتحال تھوڑی اس لئے مختلف ہے کہ پارلیمنٹ کے اندر سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں۔ وہاں اُس کی اکثریت برقرار ہے ایسے میں ہونا تو یہ چاہئے حکومت پورے اعتماد سے اپنا عرصہ پورا کرے مگر اس کی بجائے خود حکومت کے وزراء ؟ دور کی کوڑی لا کر لکا ڈھاتے رہتے ہیں۔ موجودہ نظام کے جملہ متعلقین کو سوچنا چاہئے اِس ملک کا مقدر بن گئی ہے سرمایہ کاروں میں تحفظات کو جنم دیتی ہے۔ استحکام کو ملک میں جاری رکھنا ہے۔ مسئلے کا حل یہ نہیں کہ نئی ٹیم لائی جائے۔ مسئلے کا حل پالیسی بدلنے میں ہے۔ جرائت مندانہ فیصلوں میں ہے اور سیاسی کشیدگی کم کرنے میں ہے۔ ایک کے بعد دوسرا محاذ کھولنے سے تو کوئی مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔ تحریک انصاف کے بعد مولانا فضل الرحمٰن کو دیوار سے لگانے کی کیا ضرورت تھی، یہی فیصلے ملک میں یقین، اعتماد اور استحکام بحال کرتے ہیں۔

پنجاب میں انتظامی ہلچل، مگر کیوں؟

پنجاب میں پچھلے چند سالوں سے جو

محسن گوارایہ

انتظامی ماحول قائم رہا، وہ نسبتاً مستحکم، مرتکز اور نتیجہ خیز سمجھا جا رہا ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز نے اقتدار سنبھالنے کے بعد جس رفتار سے مختلف شعبوں میں کام کیا، اس سے یہ تاثر ضرور پیدا ہوا کہ پنجاب میں حکومت صرف فائلوں کے ذریعے نہیں بلکہ نتائج کے ذریعے اپنی شناخت بنانا چاہتی ہے، صفائی، خوبصورتی، انفراسٹرکچر، صحت، تعلیم اور عوامی سہولت کے متعدد منصوبوں نے حکومت کی سیاسی ساکھ کو مضبوط کیا، اس سفر میں پنجاب کے انتظامی سربراہ چیف سیکرٹری زاہد زمان کا کردار بھی مثالی ہے، لیکن ایک اچھے چیف ایگزیکٹو کی اصل آزمائش صرف منصوبے شروع کرنا نہیں بلکہ ایک پراعتماد اور پیشہ ورانہ انتظامی ماحول قائم رکھنا بھی ہوتا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ نسبتاً اچھا انتظامی ماحول اب کسی دباؤ یا بے چینی کی طرف کیوں جا رہا ہے؟

وفاقی وزیر چودھری سالک حسین کی جانب سے پنجاب میں کرپشن کے حوالے سے دیا گیا بیان سیاسی اور انتظامی حلقوں میں خاصی بحث کا باعث بنا، اس معاملے پر وزیراعلیٰ مریم نواز کا ردعمل کچھ زیادہ تھا، وزیراعلیٰ کا یہ حق ہے کہ وہ اپنی حکومت کی ساکھ کا دفاع کریں، خصوصاً جب وہ یہ سمجھتی ہوں کہ ان کی حکومت پر بلا جواز الزام لگایا جا رہا ہے، لیکن یہاں ایک بنیادی سوال موجود ہے، کیا چودھری سالک حسین نے وزیراعلیٰ، پنجاب حکومت کے کسی ایک فرد، وزیر یا افسر کو براہ راست پن پوائنٹ کیا تھا یا انہوں نے مجموعی طور پر اس کرپشن کی بات کی تھی جو برسوں سے سرکاری نظام میں مختلف شکلوں میں موجود ہے؟ اگر بات مجموعی نظام میں کرپشن کی تھی تو پھر اس پر سیاسی اور قانونی جنگ چھیڑنے کے بجائے مفاہمانہ ردعمل اختیار کیا جا سکتا تھا، سیاست میں بعض معاملات میں خاموشی، بعض میں وضاحت اور بعض میں روایتی سیاسی زبان میں ''مٹی پاؤ'' زیادہ موثر ثابت ہوتی ہے، چودھری شجاعت حسین کے دونوں صاحبزادے، چودھری سالک حسین اور چودھری شافع حسین، سیاست میں تعلق، رواداری اور سیاسی برداشت کی اہمیت کو سمجھتے ہیں، مضبوط سیاسی حکومتیں تنقید سے خوفزدہ نہیں ہوتیں بلکہ بعض اوقات تنقید کو اصلاح کے موقع میں تبدیل کر دیتی ہیں، کیا ہی اچھا ہوتا وزیراعلیٰ اگر چودھری سالک کے والد بزرگ سیاستدان چودھری شجاعت حسین کی خیریت دریافت کرنے ان کے گھر تشریف لے جاتیں تو تمام غلط فہمیاں دور ہو جاتیں۔

دوسری طرف خانیوال کی سابق ڈپٹی کمشنر ملیحہ رشید اور یونیٹیکنیشن کے معاملات کے حوالے سے جو سوالات اور باتیں سامنے آئیں، وزیراعلیٰ کی طرف سے اتنی کرپشن کو بدایات دینے سے صورتحال مزید گھمبیر ہو گئی، اگر ایک طرف پنجاب کو ''نیب اینڈ کلین'' قرار دیا جائے اور دوسری طرف حکومت کے اپنے انتظامی حلقوں سے بعض منصوبوں میں بے ضابطگیوں کی بات سامنے آئے تو یہ سوال پیدا ہونا فطری ہے کہ چودھری سالک کا بنیادی نکتہ مکمل طور پر غلط کیسے قرار دیا جا سکتا ہے؟

گزشتہ دنوں پنجاب کی بیوروکریسی میں ہونے والی تبدیلیوں نے بھی کئی سوالات پیدا کیے ہیں، بعض تبادلے ایسے ہیں جن کی انتظامی منطق فوری طور پر سمجھ میں نہیں آتی، کمشنر لاہور اور سیکرٹری سروسز کے باہمی تبادلے ہوں یا مختصر عرصے میں اعلیٰ پولیس افسروں کی بار بار تبدیلیاں، یہ سب ایک ایسے ماحول کا تاثر دیتے ہیں جہاں فیصلے مکمل سکون اور طویل المدتی منصوبہ بندی کے بجائے کسی فوری دباؤ کے تحت کیے جا رہے ہوں۔ سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل کو عمومی طور پر ایک محنتی، مترک اور نتائج دینے والے افسر کے طور پر دیکھا جاتا رہا ہے، وزیراعلیٰ کے ہاؤسنگ اور گھر بنانے سے متعلق منصوبے کو بھی سیاسی اعتبار سے حکومت کی ایک اہم کامیابی تصور کیا جا رہا تھا، ایسے منصوبے صرف اینٹ اور سیمنٹ کے منصوبے نہیں ہوتے بلکہ عوام کے ساتھ حکومت کے سیاسی تعلق کو مضبوط کرتے ہیں، اس پس منظر میں نورالامین مینگل کے بارے میں پیدا ہونے والی بحث اور ان کی تبدیلی نے بھی سوالات کو جنم دیا، ان کی جگہ دانش افضال کو تعینات کیا گیا ہے، جو نہیں ایک نیک نام، محنتی اور صاف شہرت رکھنے والا افسر سمجھا جاتا ہے، یقیناً یہ ایک مثبت انتخاب ہے مگر مسئلہ افراد کی صلاحیت نہیں، بلکہ اس تسلسل کا ہے جو انتظامی نظام کی اصل طاقت ہوتا ہے، ایک اچھے افسر کو لانا بہت اچھی بات ہے، لیکن اچھے افسر کو مناسب وقت دینا اس سے بھی زیادہ ضروری ہے۔

سکول ایجوکیشن پنجاب کا شاید سب سے بڑا اور حساس محکمہ ہے، لاکھوں بچے، اساتذہ، والدین اور مستقبل کی پوری نسل اس نظام سے وابستہ ہے، ابھی تبدیل ہونے والے سیکرٹری مدثر ریاض ملک کے دور میں محکمہ میں انتظامی بہتری اور ایک خاص نظم و ضبط نظر آنا شروع ہوا تھا۔ اب وہاں صاحبزادی دسیمہ عمر کو ذمہ داری دی گئی ہے، وہ بھی ایک محنتی اور کلین افسر کے طور پر جانی جاتی ہیں، اس میں کوئی شک نہیں کہ پنجاب کے پاس اچھے افسر موجود ہیں، مگر سوال پھر وہی ہے، کیا ہم اچھے افسروں کو کام کرنے کا وقت دے رہے ہیں؟

ان تمام واقعات کو الگ الگ دیکھنے کے بجائے اگر ایک بڑی تصویر میں دیکھا جائے تو پنجاب میں ایک نئی سیاسی اور انتظامی بے چینی محسوس ہوتی ہے، ایک طرف کرپشن کے حوالے سے بحث ہے، دوسری طرف مختلف محکموں میں تبدیلیاں، اور تیسری طرف پنجاب کے حجم اور مستقبل کے انتظامی ڈھانچے پر مختلف سطحوں پر ہونیوالی گفتگو، کیا پنجاب کو انتظامی طور پر نئے سرے سے ترتیب دینے کی سوچ؟ کیا نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کی بحث دوبارہ کسی بڑے سیاسی ایجنڈے کا حصہ بننے جا رہی ہے؟ یا پھر یہ سب محض معمول کی انتظامی تبدیلیاں ہیں؟ فی الحال ان سوالات کا قطعی جواب دینا قبل از وقت ہوگا، یہ کہنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ موجودہ تبدیلیاں ایک ایسے ''ری سیٹ'' کا تاثر پیدا کر رہی ہیں جس کے اثرات مستقبل میں زیادہ واضح ہو سکتے ہیں، وزیراعلیٰ مریم نواز کیلئے اس وقت سب سے بڑا چیلنج یہ نہیں کہ وہ مزید منصوبے شروع کریں، ان کیلئے اصل چیلنج یہ ہے کہ وہ اپنے اردگرد ایک ایسا انتظامی اور سیاسی ماحول برقرار رکھیں جس میں اچھا افسر خود کو اطمینان میں سمجھے، ایماندار افسر کو اعتماد حاصل ہو، کارکردگی دکھانے والے کو وقت دیا جائے۔

کسی بھی معاشرے میں امن و امان کا اندازہ اس کے ترقیاتی منصوبوں سے نہیں بلکہ اس عام شہری کے اطمینان سے لگایا جاتا ہے جو رات کو اپنے گھر کا

یونس بانٹھ

دروازہ بند کر کے خود کو محفوظ محسوس کرے۔ جس معاشرے میں شہری کو یقین ہو کہ اس کے ساتھ زیادتی ہوئی تو قانون اس کی مدد کو پہنچے گا، وہاں ریاست پر اعتماد مضبوط ہوتا ہے۔ اس اعتماد کی پہلی اور سب سے اہم کڑی پولیس اور تھانہ ہے۔ پنجاب میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے سی ایم کرائم سروپلس یونٹ کا افتتاح اسی حوالے سے ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ محض ایک نیا دفتر یا ڈیجیٹل نظام نہیں بلکہ پولیس کو روایتی طریقہ کار کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش ہے۔ اس نظام کے تحت اب ضلع، سرکل اور تھانے کی سطح پر جرائم اور پولیس افسران کی کارکردگی کی نگرانی ممکن ہوگی۔ ذرا تصور کیجیے کہ ایک شہری اپنی شکایت لے کر تھانے پہنچتا ہے، لیکن اس کی ایف آئی آر درج نہیں ہوتی، اسے بار بار چکر لگوائے جاتے ہیں یا اس کی درخواست کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا۔ ماضی میں ایسے معاملات اعلیٰ حکام تک پہنچنے میں وقت لگتا تھا، لیکن نئے نظام کے تحت شکایات اور ان کے ازالے میں تاخیر کو بھی مانیٹر کیا جا سکے گا۔ یہی وہ تبدیلی ہے جس کا عام شہری طویل عرصے سے منتظر ہے۔ اس منصوبے کا اہم پہلو پنجاب کے ہر تھانے کا تازہ ترین ڈیٹا ایک کلک پر دستیاب ہونا اور میں مختلف اقسام کے جرائم کا ریکارڈ مرتب کرنا ہے۔ اس ڈیٹا کی مدد سے ماہرین جرائم کے رجحانات کا تجزیہ کر کے فوری رپورٹس تیار کر سکیں گے۔ اگر کسی علاقے میں موٹر سائیکل چوری، ڈکیتی یا منشیات فروشی کے واقعات بڑھ رہے ہیں تو ان کی نشاندہی کر کے بروقت کارروائی ممکن ہوگی۔ مقصد صرف واردات کے بعد مقدمہ درج کرنا نہیں بلکہ جرائم کو وقوع پذیر ہونے سے پہلے روکنا بھی ہونا چاہیے۔ اس ڈیجیٹل نظام کے ذریعے پولیس افسران کی کارکردگی بھی جانچی جائے گی۔ ایس ایچ او کے لیے اب صرف تھانے میں موجود رہنا کافی نہیں ہوگا، بلکہ اسے اپنے علاقے کے جرائم، عوامی شکایات اور پولیس رسپانس کے بارے میں جواب دہ ہونا پڑے گا۔ ڈی ایس پی اپنے سرکل کے تھانوں کی کارکردگی کا ذمہ دار ہوگا، جبکہ ایس پی اور ڈی پی او کو اپنے اضلاع کی مجموعی صورتحال اور ماتحت افسران کی کارکردگی پر نظر رکھنا ہوگی۔ یہی اس نظام کا بنیادی پیغام ہے کہ ذمہ داری صرف تھانے کے ایس ایچ او تک محدود نہیں رہے گی۔ اگر کسی تھانے میں جرائم بڑھ رہے ہیں، شہریوں کی درخواستیں زیرالتواء ؟ ہیں یا ایف آئی آر کے اندراج میں بلاجواز تاخیر ہو رہی ہے تو متعلقہ سرکل اور ضلعی افسران بھی اپنی ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہو سکیں گے۔ نگرانی اسی وقت مؤثر ہوگی جب ہر افسر اپنے عہدے کو اختیار کے بجائے عوامی خدمت کی ذمہ داری سمجھے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ایف آئی آر کے اندراج میں بلاجواز تاخیر پر ناپسندیدگی کا اظہار بھی خاص اہمیت رکھتا ہے۔

تھانے سے وزیراعلیٰ ہاؤس تک: اب پولیس کی کارکردگی کا حساب ہوگا!

مظلوم شہری کے لیے ایف آئی آر محض ایک کاغذ نہیں بلکہ انصاف کے سفر کا پہلا دروازہ ہے۔ اگر یہ دروازہ ہی بند ہو تو شہری کا نظام پر اعتماد مجروح ہوتا ہے۔ پولیس کو سمجھنا ہوگا کہ قانون کے مطابق مقدمہ درج کرنا کسی پر احسان نہیں بلکہ اس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ اس کے ساتھ شفاف تفتیش اور بے گناہ افراد کو غیر ضروری مقدمات سے محفوظ رکھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ اس سارے عمل میں عوام کا کردار بھی اہم ہے۔ شہری جرائم کی اطلاع دیں، پولیس سے تعاون کریں اور اپنی شکایات قانونی طریقے سے متعلقہ حکام تک پہنچائیں۔ دوسری طرف پولیس پر لازم ہے کہ شکایت کنندہ کو عزت دے، اس کی بات سنے اور اسے تھانے کے چکر لگوانے کے بجائے مسئلے کا حل فراہم کرے۔ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کی فضا قائم کیے بغیر پائیدار امن ممکن نہیں۔ تاہم ایک حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ ڈیجیٹل نظام خود جرائم ختم نہیں کرتا۔ ٹیکنالوجی راستہ دکھاتی ہے، فیصلے انسان کرتے ہیں اور نتائج افسران کی محنت سے حاصل ہوتے ہیں۔ اگر ڈیٹا درست نہ ہو، شکایات کو صرف نمبروں تک محدود کر دیا جائے یا کارکردگی بہتر دکھانے کے لیے حقائق چھپائے جائیں تو بہترین نظام بھی بے اثر ہو سکتا ہے۔ اس لیے شفافیت، میرٹ، پیشہ ورانہ تربیت اور غیر جانبدارانہ احتساب کو یقینی بنانا ہوگا۔ پنجاب پولیس کے افسران اور اہلکاروں کے لیے بھی یہ ایک موقع ہے کہ وہ اپنی کارکردگی سے عوام کا اعتماد بحال کریں۔ اچھا کام کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی اور غفلت یا اختیارات کے ناجائز استعمال پر کارروائی، دونوں ضروری ہیں۔ پولیس کو جدید سہولتیں اور وسائل ملنے چاہئیں، لیکن ان کے ساتھ جواب دہی بھی ہونی چاہیے۔ حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی حکومت کی کامیابی کا اصل امتحان عام آدمی کی زندگی میں بہتری ہے۔ اگر سی ایم کرائم سروپلس یونٹ کی بدولت تھانے میں شہری کی بات سنی جانے لگے، ایف آئی آر بروقت درج ہو، جرائم کی بیخ کنی نشاندہی ممکن ہو اور افسران اپنی ذمہ داری کا احساس کریں تو یہ منصوبہ پولیس اصلاحات کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے نگرانی کا ایک نیا راستہ متعارف کرایا ہے۔ اب اصل امتحان اس نظام کو روزمرہ پولیسنگ کا مؤثر حصہ بنانے کا ہے۔ کامیابی اس دن ہوگی جب شہری کو اپنا حق لینے کے لیے کسی سفارش، فون یا سیاسی اثر و رسوخ کی ضرورت نہ پڑے، تھانے کا دروازہ مظلوم کے لیے امید اور مجرم کے لیے قانون کی گرفت کی علامت بن جائے۔ کیونکہ پولیس کی اصل کارکردگی کسی ڈیش بورڈ پر نہیں، گلی، بازار اور شہر میں محسوس کرنا ہے۔ اگر یہ نظام شہری کو تحفظ اور انصاف کا یقین دلانے میں کامیاب ہو گیا تو پنجاب میں پولیسنگ کی تاریخ میں واقعی ایک نئے باب کا آغاز ہوگا۔

آئینی عدالت کے فیصلے سے پیچیدگیاں پیدا ہوئیں، بیرسٹر گوہر

حکم امتناع واپس لینے کے لیے آئینی عدالت سے رجوع کیا جائے گا فیصلے سے نہ صرف سیاسی شخصیات بلکہ عام شہری بھی متاثر ہو رہے ہیں. چیئرمین تحریک انصاف

وفاقی آئینی عدالت نے 5 نومبر کو پشاور ہائیکورٹ کو ایم پی او کے تحت گرفتاریوں سے متعلق مقدمات کی سماعت سے روک دیا تھا

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی جانب سے 5 نومبر کو پشاور ہائیکورٹ میں بعض آئینی درخواستوں پر کارروائی روکنے کے فیصلے سے کئی پیچیدگیاں پیدا ہوئی ہیں بیرسٹر گوہر کے مطابق آئینی عدالت کے فیصلے سے نہ صرف سیاسی شخصیات بلکہ عام شہری بھی متاثر ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ نے 10 نومبر کو سماعت کے لیے مقرر پی ٹی آئی کے مقدمات ڈی لسٹ کر دیے، عدالت کو انتظامی بنیادوں پر کیسز ڈی لسٹ نہیں کرنے چاہیے تھے . ان کا کہنا تھا کہ عدالت کو مقدمات کی سماعت کر کے 5 نومبر کے فیصلے کے اطلاق کا تعین کرنا چاہیے تھا حکم امتناع واپس لینے کے لیے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا جائے گا واضح رہے کہ وفاقی آئینی عدالت نے 5 نومبر کو پشاور ہائیکورٹ کو ایم پی او کے تحت گرفتاریوں سے متعلق مقدمات کی سماعت سے روک دیا تھا۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کی جانب سے 5 نومبر کو پشاور ہائیکورٹ میں بعض آئینی درخواستوں پر کارروائی روکنے کے فیصلے سے کئی پیچیدگیاں پیدا ہوئی ہیں بیرسٹر گوہر کے مطابق آئینی عدالت کے فیصلے سے نہ صرف سیاسی شخصیات بلکہ عام شہری بھی متاثر ہو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ نے 10 نومبر کو سماعت کے لیے مقرر پی ٹی آئی کے مقدمات ڈی لسٹ کر دیے، عدالت کو انتظامی بنیادوں پر کیسز ڈی لسٹ نہیں کرنے چاہیے تھے . ان کا کہنا تھا کہ عدالت کو مقدمات کی سماعت کر کے 5 نومبر کے فیصلے کے اطلاق کا تعین کرنا چاہیے تھا حکم امتناع واپس لینے کے لیے وفاقی آئینی عدالت سے رجوع کیا جائے گا واضح رہے کہ ایم پی او کے تحت گرفتاریوں سے متعلق مقدمات کی سماعت سے روک دیا تھا۔

پیپلز پارٹی کی سیاسی تاریخ حقوق کے تحفظ کی جدوجہد سے وابستہ ہے، خان محمد بڑیچ

پاکستان کے نوجوانوں کیلئے بلاول بھٹو زرداری امید کی آخری کرن ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی سیاسی تاریخ جمہوریت کی بحالی، پارلیمانی نظام کے استحکام، آئین کی بالادستی اور وفاقی اکائیوں کے حقوق کے تحفظ کی جدوجہد سے وابستہ ہے، بلاول بھٹو ہی ملک کی آخری امید ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنی رہائش گاہ پر ملاقات کرنے والے پارٹی کے صوبائی رہنماؤں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کارکنان اپنے شہید قائدین کے نظریے سے وابستگی رکھتے ہیں اور جمہوری عمل کے ذریعے عوامی مسائل اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا روشن مستقبل مضبوط جمہوری اداروں، آئین کی بالادستی، سیاسی برداشت اور قومی یکجہتی سے وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی جمہوریت، عوامی حقوق، قومی یکجہتی اور پاکستان کی ترقی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے حق و سچ کے ساتھ کھڑے ہونے، ظلم کے سامنے نہ جھکنے اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کا درس دیا۔ سیاسی جدوجہد کے دوران کارکنوں نے گولیاں کھائیں اپنے پیاروں کے جنازے اٹھائے اور گھروں کو جلتے دیکھا، ویژن کو انکے صاحبزادے و چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری آگے لیکر چل رہے ہیں

افغانستان میں طالبان مخالف مزاحمت میں تیزی، 100 روزہ کارروائیوں کی تفصیلات جاری

افغانستان کے 23 صوبوں میں 116 کارروائیاں، طالبان کے 153 اہلکار ہلاک اور 83 زخمی کرنے کا دعویٰ

کابل (آن لائن) افغانستان میں طالبان حکومت کے خلاف مسلح مزاحمت اور سیاسی سرگرمیوں میں اضافے کے دعوؤں کے درمیان افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ (اے یو افیف) نے اپنی جدوجہد کے 100 دن مکمل ہونے پر کارروائیوں کی تفصیلات جاری کر دی ہیں۔ فرنٹ کے سربراہ جنرل سمیع سادات نے دعویٰ کیا ہے کہ گزشتہ 100 روز کے دوران افغانستان کے 23 صوبوں میں 116 کارروائیاں کی گئیں، جن میں 153 طالبان اہلکار ہلاک اور 83 زخمی ہوئے۔ ان دعوؤں کی آزاد ذرائع سے تصدیق نہیں ہوسکی۔ جنرل سمیع سادات نے اپنے بیان میں کہا کہ اے یو افیف کی کارروائیوں کا دائرہ افغانستان کے مختلف علاقوں تک پھیل چکا ہے، جبکہ مجموعی کارروائیوں میں سے تقریباً 60 فیصد طالبان کے اہم مراکز قندھار اور ہلمند میں کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کے تمام 34 صوبوں کے عمائدین اور بااثر شخصیات سے رابطے قائم کیے گئے ہیں اور ملک میں آزادی، آئینی نظام کی بحالی اور سیاسی تبدیلی کے لیے عوامی حمایت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ سمیع سادات نے اپنے بیان میں دعویٰ کیا کہ افغان علما کی جانب سے طالبان حکومت کے خلاف مزاحمت کے حق میں فتویٰ بھی جاری کیا گیا ہے، جس کے مطابق ان کے بقول طالبان کے خلاف جدوجہد جائز بلکہ فرض قرار دی گئی ہے۔

اقبال کا فلسفہ، تعلیمات نوجوان نسل کیلئے مشعل راہ ہے: مہر محمد عثمان

علامہ اقبال نے نوجوانوں کو شاہین کی طرح بلند پرواز، خوددار، باہمت، باعمل بننے کا درس دیا

کوئٹہ (آن لائن) برصغیر کے عظیم مفکر، فلسفی، شاعر مشرق اور مصور پاکستان حضرت علامہ ڈاکٹر محمد اقبال نے اپنی آفاقی شاعری اور سیاسی بصیرت کے ذریعے برصغیر کے مسلمانوں میں بیداری کی روح پھونکی اور 1930ء میں الہ آباد کے تاریخی خطبے میں قیام پاکستان کا تصور پیش کر کے برصغیر کے مسلمانوں کو حصول پاکستان کیلئے واضح سمت اور الگ شناخت دی۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ (ن) سرگودھا ڈیژن کے نائب صدر اور امبالہ بیکرز، سوئیٹس اینڈ سپر اسٹور کھاریاں کے بانی اور چیف ایگزیکٹو مہر محمد عثمان نے شاعر مشرق علامہ اقبال کے 149 ویں یوم ولادت کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مہر محمد عثمان نے کہا کہ اقبال کی شاعری اور فلسفے کی روح عشق رسولؐ ہے، انہوں نے اپنی فکر انگیز شاعری کے ذریعے مسلمانوں میں خودی، خودداری، اتحاد، آزادی اور بیداری کا جذبہ پیدا کیا جبکہ امت مسلمہ کو علم اور کردار کی قوت سے سرُ اٹھا کر جینے کی تعلیم بھی دی، اقبال کا فلسفہ خودی نوجوان نسل کو اپنی صلاحیت اور ٹیلنٹ پہچاننے اور صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا درس دیتا ہے، علامہ اقبال کا فلسفہ ان کی تعلیمات آج بھی نوجوان نسل کیلئے مشعل راہ ہے۔

15 نومبر کو شغالو میں احتجاجی مظاہرہ ہوگا 16 نومبر کو تور مو میں احتجاجی مظاہرہ ہوگا اور قمر الدین روڈ بلاک ہوگا

آل پارٹیز سماجی کمیٹی اور علاقے کے عوام کا مشترکہ جرگہ اور سخت احتجاج ہوگا جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر ہوگی

ژوب (آن لائن) آل پارٹیز سماجی کمیٹی کاکڑ خراسان قمر الدین کاریز اور آل پارٹیز ایکشن کمیٹی ژوب کے مولوی محمد اکرم ملک عبدالمنان لوون عبد الجبار کاکڑ مولوی سرور خان نے آل پارٹیز ایکشن کمیٹی ژوب کے تمام نمائندگان کے ہمراہ پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ژوب قمر الدین روڈ جو 2019 میں باقاعدہ ٹینڈر ہوا اور 3 پیکیجز میں تقسیم ہوا اور اسکی تکمیل کا دورانیہ 36 ماہ تھا لیکن روڈ کے چھ سال ہونے کو ہیں مگر صرف 20 فیصد کام ہوا ہے ٹھیکدار باقی کیمپوں اور مشینری کو اٹھا کر لے گئے اور کام کو ادھورا چھوڑ دیا ہے جس سے اہل علاقہ سخت مشکلات سے دو چار ہیں ہم آل پارٹیز سماجی کمیٹی کے نمائندگان اور آل پارٹیز ایکشن کمیٹی ژوب وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری بلوچستان ایم پی اے ژوب اور کمشنر ژوب ڈویژن سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ژوب قمر الدین روڈ پر کام جلد شروع کر کے مکمل کیا جائے

سیٹلائٹ ٹاؤن اور اس سے ملحقہ علاقوں میں گیس پریشر میں شدید کمی افسوسناک ہے، مفتی محمد احمد

موسمِ سرما کی شدت میں اضافے کے باوجود گیس کی مسلسل عدم فراہمی اور کم پریشر کے باعث شہری شدید مشکلات سے دوچار ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام حلقہ 35 سیٹلائٹ ٹاؤن یونٹ کے امیر مفتی محمد احمد، سیکرٹری جنرل مولوی سعید الرحمان، نائب امیر مولوی عبدالمطلب، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی نعمت خلجی، سیکرٹری اطلاعات مولوی عمیر، سیکرٹری مالیات ایڈووکیٹ شعیب خان اور دیگر نے کہا ہے کہ سیٹلائٹ ٹاؤن اور اس سے ملحقہ علاقوں میں گیس پریشر میں شدید کمی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ موسم سرما کی شدت میں اضافے کے باوجود گیس کی مسلسل عدم فراہمی اور کم پریشر کے باعث شہری شدید مشکلات سے دوچار ہیں خصوصاً صبح سویرے اور دن کے مختلف اوقات میں گیس کی بندش اور کم پریشر نے گھریلو معمولات بری طرح متاثر کر دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی عدم فراہمی کے باعث خواتین، بچوں بزرگوں اور دیگر شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے گیس کی سہولت میسر نہ ہونے کے باوجود صارفین کو بھاری بھرکم بلوں کی ادائیگی پر مجبور کیا جا رہا ہے جو عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ انہوں نے گیس حکام سے مطالبہ کیا کہ سیٹلائٹ ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں میں گیس پریشر کی فوری بحالی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے اور موسمِ سرما کے دوران گیس کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ خاتمے اور موسمِ سرما کے دوران گیس کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے

امریکی عوام اسرائیل کو سخت ناپسند کرتے ہیں، ٹرمپ نے انتخابی شکست کی وجہ بتادی

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات میں اپنی جماعت کو ہونے والے نقصان کی وجوہات بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی عوام میں اسرائیل کے لیے شدید ناپسندیدگی پائی جاتی ہے۔ ان کے مطابق ایران جنگ، ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور اسرائیل مخالف جذبات نے بھی ووٹروں کے انتخابی فیصلوں کو متاثر کیا۔ ٹرمپ نے انتخابی نتائج پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر وہ خود انتخابی میدان میں ہوتے تو نتائج بالکل مختلف ہوتے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کے ساتھ جنگ اور بڑھتی ہوئی فیول قیمتوں کے علاوہ اسرائیل کے بارے میں امریکی عوام کے منفی جذبات بھی انتخابی نتائج پر اثر انداز ہوئے

ایران کے ساحلی شہروں بندر عباس اور قشم میں دھماکوں کی آوازیں

تہران (سی ایم لنکس) ایران کے سرکاری خبر رساں اداروں نے ملک کے جنوبی علاقوں کے مقامی رہائشیوں کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ بندر عباس کے ساحلی علاقے اور جزیرہ قشم میں کئی دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ پاسداران انقلاب کے قریب سمجھی جانے والی خبر رساں ایجنسی فارس نے لکھا ہے کہ ان دھماکوں کی وجہ کے بارے میں ابھی تک کوئی سرکاری رپورٹ جاری نہیں کی گئی، تاہم ایجنسی نے مقامی ذرائع کے حوالے سے کہا ہے کہ ممکنہ طور پر یہ آوازیں آبنائے ہرمز سے بغیر اجازت گزرنے والے جہازوں پر بطور انتباہ کی جانے والی فائرنگ کی ہو سکتی ہیں۔ بندر عباس اور قشم کے رہائشیوں نے بھی واحد آن لائن چینل کو براہ راست رپورٹس میں کم از کم چار دھماکوں کی اطلاع دی، بعض افراد نے دھماکوں کے بعد شدید جھٹکے یا لرزش محسوس ہونے کا بھی ذکر کیا۔

بلوچستان سے کراچی منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام، گاجروں کی آڑ میں منشیات اسمگلنگ کا انکشاف

کراچی/گڈانی (آن لائن) پاکستان کسٹمز نے بلوچستان سے کراچی منشیات اسمگل کرنے والے نیٹ ورک کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے 51 کلوگرام چرس برآمد کرلی اور اسمگلنگ میں استعمال ہونے والے ٹرک کے ڈرائیور کو گرفتار کرلیا۔ برآمد شدہ منشیات اور گاڑی کی مجموعی مالیت 23 کروڑ 95 لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔ ملزمان نے منشیات کی ترسیل کے لیے گاجروں کی تجارتی کھیپ کی آڑ میں خصوصی خفیہ خانے بنا رکھے تھے۔ پاکستان کسٹمز انفورسمنٹ کے مطابق یہ کارروائی 8 نومبر 2026 کو آر سی ڈی ہائی وے پر ڈیجیٹل انفورسمنٹ اسٹیشن (DES) خرخیرہ، بلوچستان میں خفیہ اطلاع کی بنیاد پر عمل میں لائی گئی۔ کسٹمز حکام کوئٹہ سے کراچی آنے والی گاڑیوں کی نگرانی اور جانچ پڑتال کر رہے تھے کہ اس دوران رجسٹریشن نمبر TKT-358 کے حامل ایک ٹرک کو مشکوک ہونے پر روک لیا گیا۔ بظاہر ٹرک میں گاجروں کی تجارتی کھیپ منتقل کی جا رہی تھی، تاہم گاڑی کی تفصیلی جسمانی تلاشی کے دوران سامان کے اندر منشیات چھپانے کے لیے تیار کیے گئے خصوصی خفیہ خانے دریافت ہوئے

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کا ہندو برادری کے مذہبی تہوار دیوالی کے موقع پر پیغام

دیوالی کا تہوار ملک میں امن، خوشحالی، محبت اور بھائی چارے کے فروغ کا ذریعہ بنے

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے ہندو برادری کو ان کے مذہبی تہوار دیوالی کے پُرمسرت موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیوالی خوشیوں، روشنی، امید، محبت اور امن کا پیغام دینے والا تہوار ہے، جو معاشرے میں مثبت سوچ، باہمی احترام اور بھائی چارے کے فروغ کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک کثیر المذہبی اور متنوع معاشرہ ہے جہاں تمام شہریوں کو بلا امتیاز مذہب، رنگ و نسل مساوی حقوق حاصل ہیں۔ اقلیتیں ملکی سماجی، معاشی، تعلیمی اور قومی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہندو برادری سمیت تمام اقلیتی برادریوں کی خدمات قابل قدر ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناحؒ کے وژن کے مطابق پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتوں کو اپنے مذہبی عقائد کے مطابق زندگی گزارنے، عبادات کرنے اور اپنی مذہبی وثقافتی روایات پر عمل کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ آئین پاکستان تمام شہریوں کے بنیادی حقوق، مذہبی آزادی اور مساوی حیثیت کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ سیدال خان ناصر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک میں بین المذاہب ہم آہنگی، رواداری، برداشت اور قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے پارلیمان اپنا مؤثر کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط، پرامن اور خوشحال پاکستان کی بنیاد باہمی احترام، اتحاد اور تمام شہریوں کو ساتھ لے کر چلنے میں مضمر ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے ہندو برادری کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ دیوالی کا تہوار ملک میں امن، خوشحالی، محبت اور بھائی چارے کے فروغ کا ذریعہ بنے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے ہندو برادری کو ان کے مذہبی تہوار دیوالی کے پُرمسرت موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیوالی خوشیوں، روشنی، امید، محبت اور امن کا پیغام دینے والا تہوار ہے، جو معاشرے میں مثبت سوچ، باہمی احترام اور بھائی چارے کے فروغ کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک کثیر المذہبی اور متنوع معاشرہ ہے

فکرِ اقبال، فلسفہ خودی، خوداعتمادی، اتحاد اور مسلسل جدوجہد کا پیغام ہے، حیات خان اچکزئی

اقبال کے افکار کی روشنی میں پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال اور اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی نے شاعرِ مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یومِ ولادت کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فکرِ اقبال، فلسفہ خودی، خوداعتمادی، اتحاد اور مسلسل جدوجہد کا پیغام ہے جو آج بھی پوری قوم، بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حیات خان اچکزئی نے کہا کہ علامہ اقبال نے ایک ایسے معاشرے کا تصور پیش کیا جو عدل و انصاف، مساوات، تعلیم، رواداری اور انسانی وقار پر مبنی ہو ان کے افکار ہمیں اپنی صلاحیتوں کو پہچاننے، خوداعتمادی پیدا کرنے اور قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کا درس دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فکرِ اقبال کو محض تقریبات اور تقاریر تک محدود رکھنے کی بجائے اسے عملی زندگی کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے نوجوان نسل کو اقبال کے پیغام سے روشناس کرانا اور ان میں علم، کردار، خودداری اور عمل کا جذبہ پیدا کرنا قومی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کا پیغام آج بھی قوم کے لیے مشعلِ راہ ہے اقبال نے مسلمانوں کو خودی، اتحاد اور عمل کا درس دیا، جس پر عمل کر کے نوجوان نسل ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کر سکتی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اقبال کے افکار کی روشنی میں پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال اور اسلامی فلاحی ریاست بنانے کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی نے شاعرِ مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یومِ ولادت کے موقع پر انہیں زبردست خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فکرِ اقبال، فلسفہ خودی، خوداعتمادی، اتحاد اور مسلسل جدوجہد کا پیغام ہے جو آج بھی پوری قوم، بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہے۔

بقیہ 1

اتفاق رائے پر عملدرآمد کی کوششوں کا حصہ ہے۔ چین نے اپریل 2025 میں ان 16 امریکی اداروں کو برآمدی کنٹرول کی فہرست میں شامل کرتے ہوئے انہیں دہرے استعمال کی اشیاء کی برآمد پر پابندی عائد کی تھی۔ ترجمان نے کہا کہ ان اداروں کو دہرے استعمال کی اشیا برآمد کرنے کے خواہشمند برآمد کنندگان کو وزارت تجارت سے اجازت نامے کے لیے درخواست دینا ہوگی۔ وزارت متعلقہ قوانین وضوابط کے تحت درخواستوں کا جائزہ لے گی اور مقررہ شرائط پر پورا اترنے والی درخواستوں کو لائسنس جاری کرے گی۔

بقیہ 2

نومبر یوم اقبال کے حوالے سے تقاریر لیس قومی شاعر علامہ محمد اقبال کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

بقیہ 3

سبق دیتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ موجودہ دور کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنے بچوں کو جدید سائنسی وعصری علوم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ علامہ اقبال کے بیان کردہ قرآن وسنت کے اصولوں اور اسلامی اقدار پر کاربند بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پرائمری سطح پر بچوں کے فکری اور اخلاقی معیار کو مضبوط بنانا ہی اقبال ؟ کے خوابوں کی حقیقی تعبیر ہے۔ سکول انتظامیہ اور تعلیمی کمیٹی باہم مل کر نسلِ نو کو ایک بہترین اور بیدار مغز شہری بنانے کے لیے اپنی مخلصانہ جدوجہد جاری رکھیں گی۔ تقریب کے اختتام پر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء کی حوصلہ افزائی کے لیے ان میں انعامات اور اسناد بھی تقسیم کی گئیں۔ بعدازاں ملک وقوم کی سلامتی، تعلیمی فروغ، امن واستحکام اور امت مسلمہ کی سربلندی کے لیے خصوصی اور رقت انگیز دعا مانگی گئی۔

بقیہ 4

کارروائی شروع کردی۔ جب سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو منشیات فروش خواتین کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 2 کلو 92 گرام منشیات برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق ایس پی حب مرزا بلال حسن کی ہدایت پر ٹی پولیس حب کے عملے نے جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 خواتین سے 2 کلو 92 گرام منشیات برآمد کر کے انہیں گرفتار کرلیا۔ خواتین کراچی کے سرجانی ٹاؤن کی رہائشی ہیں ان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی۔ خواتین کراچی کے سرجانی ٹاؤن کی رہائشی ہیں ان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 5

سہولیات فراہم کی جائیں۔ بلوچستان ایسنشل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات، سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا ہے کہ سریاب کے بیشتر علاقوں میں گیس اور بجلی ناپید ہو چکی ہے جبکہ کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، بجلی اور پانی کی شدید قلت اور گیس کی عدم فراہمی کے باوجود بھاری بھرکم بلوں کی وصولی عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے، فارم 47 کے حکمرانوں کے اقتدار میں آنے کے بعد بلوچستان بالخصوص کوئٹہ کے عوام کے مسائل اور مشکلات میں مسلسل اضافہ ہوا ہے، حکمرانوں کی نااہلی اور ناقص پالیسیوں نے بنیادی سہولیات کا نظام مفلوج کر دیا ہے، موجودہ حکمرانوں کو عوام کے مسائل اور مشکلات سے کوئی سروکار نہیں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ سریاب سمیت کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس وبجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری خاتمہ کر کے عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ 6

لخدمت اور امام بارگاہ کی ترقی و بہتری کے لیے بھرپور کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر نومنتخب کابینہ اور ہزارہ ٹاؤن کی امام بارگاہوں کے نمائندوں نے بلوچستان شیعہ کانفرنس کے صدر انجینئر حاجی محمد جواد رفیعی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی ملت کے لیے بے پناہ خدمات اور قربانیوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ انجینئر حاجی محمد جواد رفیعی ہمیشہ ملت تشیع کی آواز پر لبیک کہتے ہیں۔ ہمیں ان کی قیادت اور خدمات پر مکمل اعتماد ہے اور ہم آئندہ بھی ان کے شانہ بشانہ ملت کی خدمت کرتے رہیں گے۔ آخر میں انجینئر حاجی محمد جواد رفیعی نے نومنتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور ان کے لیے کامیابی کی دعا کی۔ امام بارگاہ امام مہدیؑ علیہ السلام ہزارہ ٹاؤن کی نومنتخب کابینہ کے عہدیداران میں صدر عصمت اللہ، نائب صدر: عبدالخالق، جنرل سیکرٹری: نادر علی، خزانچی: رضا بخش، جوائنٹ سیکرٹری: محمد صادق، لائبریری سیکرٹری: غلام نبی، سیکرٹری نشر واشاعت: رمضان علی شامل ہیں۔

بقیہ 7

ادا کرے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالرؤف رند نے یوم اقبال کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ علامہ محمد اقبال برصغیر کے عظیم مفکر، فلسفی اور شاعر تھے جنہوں نے اپنی فکر وشاعری کے ذریعے مسلمانوں میں خودی، خود اعتمادی، اتحاد اور آزادی کا شعور بیدار کیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کا تصور پاکستان اور فلسفہ خودی آج بھی ہماری قومی رہنمائی کا اہم ذریعہ ہے۔ ہمیں اقبال کے افکار کو محض کتابوں اور تقریبات تک محدود رکھنے کے بجائے اپنی عملی زندگی، قومی پالیسیوں اور معاشرتی رویوں کا حصہ بنانا ہوگا۔ میر عبدالرؤف رند نے کہا کہ آج پاکستان کو اتحاد، جمہوریت، سماجی انصاف، معیاری تعلیم اور نوجوانوں کو یکساں مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اقبال کے خواب کی حقیقی تعبیر کے لیے ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہوگا جہاں علم، برداشت، مساوات اور انسانی وقار کو بنیادی اہمیت حاصل ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل علامہ اقبال کے پیغام خودی کو اپنا کر ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام میں بھرپور کردار ادا کرے۔

بقیہ 8

کے سامنے لانا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے۔ پارٹی نے کہا کہ پولیس ٹریننگ کالج کوئی ایسا ادارہ نہیں جہاں زیر تربیت اہلکاروں کی زندگیوں کو انتظامی غفلت، ناقص سہولیات، غیر معیاری خوراک یا تربیتی دباؤ کی بھینٹ چڑھایا جائے۔ یہ نوجوان اپنے خاندانوں کی امیدیں لے کر سرکاری ملازمت اور عوام کی خدمت کے لیے تربیت حاصل کرنے آتے ہیں۔ ان کی جان، صحت، عزت اور بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ متعلقہ حکام کی اولین ذمہ داری ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ میں پیش آنے والے تمام واقعات کی اعلیٰ سطحی عدالتی یا آزادانہ انکوائری کرائی جائے، زیر تربیت اہلکاروں کے طبی معائنے، خوراک کے معیار، رہائشی سہولیات، پینے کے صاف پانی، تربیتی ماحول اور ادارے کے انتظامی وطبی نظام کا مکمل جائزہ لیا جائے۔ اس کے علاوہ جاں بحق اہلکاروں کی میڈیکل رپورٹس اور دیگر متعلقہ ریکارڈ بھی شفاف تحقیقات کا حصہ بنایا جائے اور اگر کسی قسم کی غفلت، بدانتظامی یا ذمہ داری ثابت ہو تو ملوث حکام کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے واضح کیا کہ دو نوجوان اہلکاروں کی اموات اور دیگر اہلکاروں کی صحت سے متعلق پیش آنے والے واقعات کو محض سرکاری وضاحتوں کے ذریعے دبایا نہیں جا سکتا۔ حکومت اور پولیس کے اعلیٰ حکام عوام کو حقائق سے آگاہ کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آئندہ کسی زیر تربیت اہلکار کی زندگی اور صحت انتظامی غفلت کی وجہ سے خطرے میں نہ پڑے۔

بقیہ 9

ہے۔ بلوچستان کی سرزمین مختلف مذاہب، زبانوں اور ثقافتوں کے ماننے والوں کا مشترکہ گھر ہے، جہاں تمام اقوام نے ہمیشہ باہمی احترام اور بھائی چارے کے ساتھ زندگی گزاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندو برادری بلوچستان کی سماجی، ثقافتی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور ان کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ مذہبی اقلیتوں کے جان و مال، عزت و آبرو، مذہبی آزادی اور بنیادی حقوق کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک پرامن اور خوشحال معاشرے کی بنیاد باہمی احترام، برداشت، مذہبی ہم آہنگی اور یکساں حقوق پر قائم ہوتی ہے۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات نوابزادہ میر شعیب جان زہری نے قلات میں ہندو برادری کے ساتھ دیوالی کے مذہبی تہوار کی خوشیوں میں شرکت کی اور انہیں دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے ہندو برادری کے مہاراج سمیت دیگر برادری کے ساتھ خوشیاں بانٹیں اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی قلات نوابزادہ میر شعیب جان زہری کی بزرگ شخصیت، فکر و فلسفے، فنِ شاعری، ادبی وعلمی خدمات اور قومی وملی افکار پر اظہارِ خیال کیا مقررین نے کہا کہ علامہ اقبالؒ کی شاعری محض الفاظ کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک زندہ فکری تحریک ہے، جو نوجوان نسل میں خودی، خودداری، خوداعتمادی، بلند نظری، عمل پیہم اور حصولِ علم کا جذبہ پیدا کرتی ہے۔ ان کا فلسفہ خودی انسان کو اپنی صلاحیتوں پہچاننے، بلند مقاصد متعین کرنے اور مسلسل جدوجہد کے ذریعے کامیابی حاصل کرنے کا درس دیتا ہے۔ اقبالؒ نے اپنی شاعری کے ذریعے نوجوانوں کو شاہین کی بلند پروازی، حوصلے، آزادیِ فکر اور کردار کی بلندی کا پیغام دیا، جو آج بھی قومی تعمیر وترقی کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ منعقدہ تقریری مقابلے میں طلبہ نے علامہ اقبالؒ کی فکر، شاعری اور

مساجد کو دہشتگردی کیلئے استعمال کرنا اسلام کی صریح خلاف ورزی ہے، آصف زرداری

ملک کے امن و استحکام اور عوام کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف قومی کوششیں جاری رہنی چاہئیں

فتنہ الخوارج کی دہشت گردانہ کارروائیاں اور مساجد کی بے حرمتی ان کے اسلام دشمن عزائم کا واضح ثبوت ہیں

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان کے علاقے میرعلی میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں کے خلاف کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مساجد کو بارودی مواد ذخیرہ کرنے اور تشدد کے مراکز کے طور پر استعمال کرنا اسلام کی بنیادی تعلیمات کی صریح خلاف ورزی ہے، دہشت گردوں کا یہ عمل مقدس مقامات کی کھلی بے حرمتی ہے۔ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے آپریشن کے دوران مساجد میں قائم دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے بارودی مواد، اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور کامیابی کو سراہا۔صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سابق چیف سیکریٹری مرحوم یونس خان مندوخیل کی اہلیہ ڈاکٹر افضل خان مندوخیل اور ڈاکٹر شہباز خان مندوخیل کی وفات پر فاتحہ خوان کررہے ہیں



گوادر جیوانی گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول پاوان میں یوم اقبال کے موقع پر منعقدہ تقریب سے طالبات تقاریر پیش کررہی ہیں

بی این پی کا قلات سنگداس چیک پوسٹ پر بھتہ وصولی ختم کرنے کا مطالبہ

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سنگداس چیک پوسٹ پر بھی بھتہ وصولی کیخلاف اپنے حکم پر عملدرآمد کرائیں، مرکزی رہنما بی این پی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور معروف قبائلی شخصیت میر عبدالرحیم جنگ نے قلات کے علاقے سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ وصولی کے تسلسل پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیک پوسٹ پر آنے جانے والے مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور چھوٹی گاڑیوں کے مالکان سے مبینہ طور پر زبردستی رقم وصول کرنے کی شکایات انتہائی قابل تشویش ہیں۔ اس عمل سے نہ صرف عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ بلوچستان کی اہم شاہراہوں پر سفر کرنے والے شہریوں میں بھی بے چینی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے صوبے بھر میں بھتہ وصولی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے واضح احکامات جاری کیے گئے ہیں، لیکن اس کے باوجود سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر مبینہ طور پر بھتہ وصولی کی شکایات سامنے آنا حکومتی احکامات پر عملدرآمد کے حوالے سے کئی سوالات کو جنم دیتا ہے۔ اگر کسی چیک پوسٹ پر سرکاری احکامات کے برخلاف عوام سے رقم وصول

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

2 روز کمی کے بعد سونا پھر مہنگا، چاندی کی قیمت میں بھی اضافہ

کراچی (یو این اے) سونے اور چاندی کی قیمتوں میں 2 روز کے وقفے کے بعد آج پھر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں آج فی اونس سونے کی قیمت 32 ڈالر کے اضافے سے 4 ہزار 98 ڈالر کی سطح پر آ گئی، جس کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی آج فی تولہ سونے کی قیمت میں اضافہ دیکھا گیا۔ مقامی صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق فی تولہ سونے کی قیمت 3 ہزار 200 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 32 ہزار 336

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

جامعہ بلوچستان کے شعبہ فلاسفی کی لیکچرر زہرہ فرید کی رسمِ قل ادا کردی گئی

مرحومہ کینسر کے باعث وفات پا گئیں، سریاب روڈ پر فاتحہ خوانی میں تعزیت کا سلسلہ جاری رہا

کوئٹہ (یو این اے) جامعہ بلوچستان کے شعبہ فلاسفی کی لیکچرر زہرہ فرید کی رسمِ قل عقیدت و احترام سے ادا کردی گئی ہے۔ مرحومہ زہرہ فرید، غلام فرید کی صاحبزادی جبکہ عمران خان اور جمعہ خان کی بہن تھیں۔ وہ 6 نومبر بروز جمعہ کینسر جیسے موذی مرض کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے قضائے الٰہی سے وفات پا گئی تھیں۔ مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی شاہ نواز کرد اسٹریٹ، سریاب روڈ کوئٹہ میں جاری رہی، جبکہ اتوار 9 نومبر کو مرحومہ کی رسمِ قل ادا کی گئی جس میں لواحقین، رشتہ داروں اور مختلف مکاتبِ فکر کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کرکے مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔ جامعہ بلوچستان کے شعبہ فلاسفی کی لیکچرر زہرہ فرید کی رسمِ قل عقیدت و احترام سے ادا کردی گئی ہے۔ مرحومہ زہرہ فرید، غلام فرید کی صاحبزادی جبکہ عمران خان اور جمعہ خان کی بہن تھیں۔ وہ 6 نومبر بروز جمعہ کینسر جیسے موذی مرض کے خلاف جنگ لڑتے ہوئے قضائے الٰہی سے وفات پا گئی تھیں۔ مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

امریکا کا ایران کے مطالبات کو قبول کرنے سے انکار

ایران کے بعض مطالبات غیر معقول اور حقیقت سے دور ہیں اسے تباہ کن ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، مذاکرات میں بریک تھرو کے قریب نہیں، وزیر خارجہ مارکو روبیو

جب ٹرمپ انتظامیہ کی خارجہ اور داخلی پالیسیوں، خصوصاً ایران سے متعلق اقدامات، پر بحث جاری ہے

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ ہر مسئلے کا سفارتی حل چاہتے ہیں، ایران کے مطالبات ناقابل قبول ہیں، ایران سے مذاکرات میں بریک تھرو کے قریب نہیں صدر ٹرمپ نے مشکل فیصلے کرکے وہ کام کیے جو سابق حکومتیں نہ کرسکیں . سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنی پوسٹ میں امریکی وزیر خارجہ نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مشکل اور متنازع معاملات پر فیصلوں کا دفاع کرتے ہوئے کہا ہے کہ بعض اوقات درست قدم اٹھانا ضروری ہوتا ہے، چاہے وہ عوام میں مقبول ہو یا نہ ہو صدر ٹرمپ نے ایسے معاملات کو حل کرنے کی کوشش کی جن سے سابق امریکی حکومتیں نمٹنے میں ناکام رہی تھیں ان کا کہنا تھا کہ بعض اوقات جب کوئی درست کام کیا جاتا ہے تو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ وہ عوام میں مقبول ہوگا یا نہیں لیکن اس کے باوجود درست فیصلہ کرنا ہی اہم ہوتا ہے امریکی وزیر خارجہ نے ٹرمپ کے اقدامات

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

علامہ اقبال کا پیغام ہماری قومی رہنمائی کا سرچشمہ ہے، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

یومِ اقبال ہمیں عہدِ حاضر کے چیلنجز کا مقابلہ اقبال کے پیغامِ خودی، اتحاد، ایمان اور عمل سے کرنے کی یاد دہانی کراتا ہے

اسلام آباد (یو این اے) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد نے یومِ اقبال پر شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ علامہ اقبال کا پیغام خودی، خود اعتمادی اور عمل آج بھی ہماری قومی رہنمائی کا سرچشمہ ہے۔ بی آئی ایس پی سے جاری بیان میں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ علامہ اقبال نے ایک ایسے معاشرے کا خواب دیکھا جہاں ہر فرد کو عزت، مساوات اور ترقی کے یکساں مواقع میسر ہوں، اقبال کا تصورِ شاہین ہمیں بلند حوصلے، خود اعتمادی اور مسلسل جدوجہد کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے افکار خواتین کی خودمختاری، تعلیم اور بااختیار معاشرے کی تشکیل کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے مزید کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام علامہ اقبال کے تصورِ فلاحی معاشرے کی عملی تعبیر کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کا پیغام نوجوان نسل کو علم، تحقیق، کردار سازی اور قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ چیئرپرسن بی آئی ایس

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)



ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی یوم اقبال کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کی قیادت کررہے ہیں

جاپانی اعزازی قونصل جنرل ندیم شاہ سے حکیم محمد عثمان کی ملاقات

مرحبہ فوڈ انڈسٹریز کی بیوٹی مصنوعات اور ادویات کے معیار سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (اشاف رپورٹر) جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ اور مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ سے مرحبہ فوڈ انڈسٹریز کے چیف ایگزیکٹو حکیم محمد عثمان نے ملاقات کی، جس میں ادارے کی مصنوعات کے معیار، جڑی بوٹیوں پر مبنی غذائی اشیاء، ادویات اور حسن و آرائش کی مصنوعات کی تیاری سمیت دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سید ندیم عالم شاہ کے بڑے صاحبزادے ڈاکٹر سید طلحہ شاہ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر حکیم محمد عثمان نے مرحبہ فوڈ انڈسٹریز کے مختلف شعبہ جات اور ادارے کی جانب سے جڑی بوٹیوں کی افادیت کو بروئے کار لاتے ہوئے معیاری غذائی اشیاء، ادویات اور بیوٹی مصنوعات کی تیاری کے حوالے سے آگاہ کیا۔ ملاقات کے دوران مصنوعات کے معیار، جدید تقاضوں سے ہم آہنگ پیداواری عمل اور اس شعبے میں مزید ترقی کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سرمایہ کاری کے امکانات اور پاکستان کی مقامی صنعت کو بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ کرنے

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

فکرِ اقبال کو قومی پالیسی کا حصہ بنا کر ملک کو مشکلات سے نکالا جائے، حافظ نعیم الرحمٰن

اقبال اور سید مودودی کی فکر میں گہری مماثلت ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان کا شاعرِ مشرق کے یوم پیدائش پر پیغام

لاہور (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ علامہ محمد اقبال کی شاعری اور افکار نے برصغیر کے مسلمانوں میں بیداری، خودی اور آزادی کا جذبہ پیدا کیا اور نوجوانوں کو ایک روشن مستقبل کی جدوجہد کا راستہ دکھایا۔ علامہ اقبالؒ کے 149 ویں یوم پیدائش کے موقع پر اپنے پیغام میں حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ اقبال کی شاعری نے برصغیر کی معاشرت پر گہرے اثرات مرتب کیے اور ان کے افکار نے نہ صرف برصغیر بلکہ پوری دنیا میں گہرے نقوش چھوڑے۔ اقبال نے دوقومی نظریے کا تصور پیش کیا اور مسلمانوں کو اپنی الگ شناخت، تشخص اور آزادانہ حیثیت کا شعور دیا۔ انہوں نے کہا کہ کلام اقبال نے ملت میں خودی کا جذبہ بیدار کیا اور مسلمانوں کو غلامانہ سوچ سے نکل کر خود اعتمادی اور آزادی کے ساتھ زندگی گزارنے کا درس دیا۔ علامہ اقبالؒ کی شاعری میں آزادی، مساوات، خودداری اور باعزت زندگی گزارنے کا پیغام نمایاں ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ اقبال کا پیغام محض شاعری تک

(بقیہ 82 اندرونی صفحہ 2 پر)

فرانس میں پاکستانی سفارتخانے کا یومِ اقبال پر قومی شاعر کو خراجِ عقیدت

پیرس (یو این اے) فرانس میں پاکستان کے سفارتخانے نے شاعرِ مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کے یومِ ولادت پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ پیر کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر پوسٹ میں سفارت خانے کے پیغام میں قومی شاعر اور عظیم فلسفی علامہ محمد اقبال کو نہایت احترام کے ساتھ خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا کہ آج ہم ان کے اس وژن کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جس نے آزاد مملکت پاکستان کی نظریاتی بنیاد فراہم کی تعلیمات آج بھی اتنی ہی اہم ہیں اور ایک

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

وزیراعظم کی غزہ کے لیے فوری امداد کی ہدایت، پاکستانی عوام کے جذبات کی ترجمانی ہے، حافظ طاہر اشرفی

غزہ کے مظلوم بچوں کو سردی، بھوک اور بے گھری سے بچانا پوری امتِ مسلمہ اور انسانیت کی مشترکہ ذمہ داری ہے

اسلام آباد (یو این اے) چیئرمین پاکستان علما کونسل و کوآرڈینیٹر قومی پیغامِ امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے غزہ میں اسرائیلی جارحیت کی مذمت اور وزارتِ خارجہ کو فوری انسانی امداد کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کی ہدایات پاکستانی عوام، عالمِ اسلام اور پوری انسانیت کے جذبات کی ترجمانی ہیں۔ پیر کو جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ غزہ میں بارشوں سے ڈوبتے خیمے، شدید سردی، بھوک اور بے بسی کا شکار معصوم بچے پوری انسانیت کے لیے لمحۂ فکریہ ہیں۔ اس وقت سب سے بڑی ضرورت محفوظ خیموں کی فوری فراہمی اور متاثرہ خاندانوں کو سردی اور بارش سے بچانا ہے۔ حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے پاکستانی عوام، عالمِ اسلام، مخیّر حضرات، کاروباری برادری اور دنیا بھر کے انسانیت دوست افراد سے اپیل کی کہ فوری طور پر محفوظ خیموں، کمبلوں، گرم کپڑوں، خوراک اور ادویات کے لیے مالی وسائل فراہم کریں اور مستند امدادی اداروں کے ذریعے ان کی فوری ترسیل یقینی بنائیں۔ انہوں نے اسلامی

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

علامہ اقبال کے افکار اور فلسفہِ خودی قوم و نوجوانوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں، سینیٹر ثنا جمالی

پاکستان کی ترقی کے لیے اقبال کی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنانا ہوگا، یومِ اقبال پر پیغام

اوستہ محمد (نامہ نگار) سینیٹر ثنا جمالی نے 9 نومبر یومِ اقبال کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال برصغیر کے عظیم شاعر، مفکر اور فلسفی تھے جنہوں نے اپنی شاعری اور فکر کے ذریعے مسلمانوں میں آزادی، خودی، خود اعتمادی اور بیداری کا شعور پیدا کیا۔ ان کی تعلیمات آج بھی پوری قوم بالخصوص نوجوان نسل کے لیے مشعلِ راہ ہیں انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال نے اپنے افکار و نظریات کے ذریعے مسلمانوں کو ایک الگ شناخت خودمختار تشخص اور آزاد وطن کا تصور دیا، جس نے تحریکِ پاکستان کو فکری بنیاد فراہم کی ان کا خواب ایک ایسا پاکستان تھا جہاں مسلمان آزادی کے ساتھ اپنی تہذیب، مذہبی اقدار اور قومی روایات کے مطابق زندگی گزار سکیں سینیٹر ثنا جمالی کہا کہ علامہ اقبال کا فلسفہ خودی انسان کو اپنی صلاحیتوں پہچاننے، مشکلات کا مقابلہ کرنے، بلند مقاصد کے حصول اور مسلسل جدوجہد کا درس دیتا ہے اقبال نوجوانوں کو شاہین سے تشبیہ دیتے ہوئے انہیں بلند پروازی خودداری محنت اور غیر معمولی عزم کا پیغام دیتے

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران کے ساتھ جنگ دوبارہ شروع ہونے کا امکان انتہائی کم ہے، ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ دوبارہ جنگ شروع ہونے کے امکان کو انتہائی کم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ فوجی کارروائی دوبارہ شروع کرنے کے بجائے ایک

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران کا جنگ کا راستہ اختیار کرنے پر امریکا کو منہ توڑ جواب دینے کا اعلان

ایران (سی ایم لنکس) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکا کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی ووٹرز اپنا فیصلہ سنا چکے ہیں اور اب باری

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

عالمی ادارہ صحت اور پاکستان کی جانب سے ویکسینیشن کے لیے 2 لاکھ تربیت یافتہ کارکنان متحرک

اسلام آباد (یو این اے) عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے حکومتِ پاکستان اور ترقیاتی شراکت داروں کے تعاون سے، حال ہی میں مکمل ہونے والی ملک گیر ویکسینیشن مہم کے دوران تقریباً 2 لاکھ تربیت یافتہ پولیو ورکرز کو متحرک کیا، تاکہ تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ (24 ملین) بچوں کو معذور کردینے والی بیماری سے محفوظ رکھا جاسکے۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق، اس کے فیلڈ ورکرز نے سرکاری حکام اور شراکت دار تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کیا تاکہ ویکسینیشن کی

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

علامہ اقبال نے مسلمانوں کو ان کے مقصدِ حیات سے آگاہ کیا، وفاقی وزیر داخلہ

علامہ اقبال کی شاعری علم و فکر کا وہ ورثہ ہے جس کی بنیاد خودداری، وقار اور قومی غیرت پر ہے

اقبال کا خودی، اتحاد، بیداری اور عمل کا پیغام، ایک مضبوط پاکستان تعمیر کرنے کی کوششوں میں قوم کے لیے رہنمائی کا کام دیتا ہے

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے قومی شاعر اور فلسفی علامہ محمد اقبال کو ان کی 149 ویں سالگرہ پر خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے خودداری، بیداری، اتحاد اور عمل کے حوالے سے ان کے پیغام کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال کی تعلیمات آج بھی اتنی ہی اہم ہیں اور ایک مضبوط اور فلاحی پاکستان کی تعمیر کے لیے ان پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے پیر کو جاری پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ علامہ اقبال نے امتِ مسلمہ کو خودی، بیداری اور عمل کا ایک لازوال پیغام دیا۔ انہوں نے کہا کہ قوم کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگیوں میں ان تعلیمات کی پیروی کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیرِ داخلہ نے کہا کہ علامہ اقبال کی شاعری علم و فکر کا وہ ورثہ ہے جس کی بنیاد خودداری، وقار اور قومی غیرت پر ہے۔ اپنی شاعری کے ذریعے، علامہ اقبال نے مسلمانوں میں خودی کا جذبہ بیدار کیا اور انہیں ان کے مقصدِ حیات

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

بینک ڈکیتی میں ملوث ملزم بلال حمید کا اعترافِ جرم، پریس کانفرنس میں حقائق کا انکشاف

2024 میں اوتھل نیشنل بینک سے 22 کروڑ روپے لوٹے، قانون نافذ کرنے والے اداروں سے سزا قبول ہے، اعترافی بیان

بینک میں کام کرتا تھا مجھے بینک کے ہر چیز کا پتہ تھا تو ان کے لیے اسانی ہوتی تو ان لوگوں نے مجھے اپنے پلان میں شامل کر دیا ایک مہینے تک ہم نے بینک ڈکیتی کی پلاننگ کی فروری کو 2024 کو اور جمعہ کے دن میں چلا گیا، اوتھل میں ہم نے نیشنل بینک میں ڈکیتی کی بینک ڈکیتی کے دوران ہمارا سامنا پولیس سے ہوگیا ایس ایچ او یار محمد کو گولی لگی اور وہ زخمی ہوگیا ڈکیتی کی رقم 22 کروڑ تھی جو ہم نے چھ حصوں میں تقسیم کی چھ بندے تھے زوہیب کمبرانی تھا یار محمد کمبرانی تھا جواد مینگل، بلال کمبرانی تھا اور مرتضی مینگل تھا 2026 کو مجھے قانون نافذ کرنے والے

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

لورالائی میں ہندو برادری نے دیوالی منائی، چیف آفیسر کی جانب سے کیک اور پولیس کا سیکیورٹی کا انتظام

اقلیتی برادری کو خوشیوں میں شامل کرنا بین المذاہب ہم آہنگی اور قبائلی روایات کا مظہر ہے

لورالائی (یو این اے) لورالائی میں ہندو برادری نے اپنا مذہبی تہوار دیوالی انتہائی عقیدت و احترام اور جوش و خروش کے ساتھ منایا۔ اس موقع پر بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی احترام اور بھائی چارے کی خوبصورت مثال دیکھنے میں آئی۔ میونسپل کمیٹی لورالائی کے چیف آفیسر محبّ اللہ بلوچ کی جانب سے ہندو برادری کے لیے خصوصی کیک بھجوایا گیا، جسے میونسپل کمیٹی کے نمائندوں نے ہندو برادری کے افراد کے ہمراہ کاٹ کر ان کی خوشیوں میں شرکت کی۔ لورالائی کی قبائلی روایات کے مطابق مذہب اور عقیدے سے بالاتر ہو کر تمام اقلیتوں کو معاشرے کا اہم حصہ سمجھا جاتا ہے، جہاں مقامی قبائل اور شہری ایک دوسرے کی خوشیوں اور غموں میں برابر کے شریک ہوتے ہیں۔ تقریبات کے موقع پر ہندو برادری کی حفاظت کے لیے پولیس فورس کی جانب سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے تھے، جن کی براہِ راست نگرانی ایس ڈی پی او غلام اکبر کر

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان کے 6 سینئر آرتھوپیڈک سرجنز پی ایو اے فیلوشپس کے سپروائزر مقرر، پی ایم اے کی مبارکباد

کوئٹہ میں فیلوشپ تربیت کا آغاز خوش آئند ہے، نوجوان سرجنز اور مریضوں کو فائدہ ہوگا، ڈاکٹر نعیم زرکون

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون اور کابینہ نے بلوچستان کے چھ سینئر آرتھوپیڈک سرجنز کو پاکستان آرتھوپیڈک ایسوسی ایشن (پی او اے) کی جانب سے مختلف سب اسپیشلٹی فیلوشپس کا سپروائزر رجسٹر ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پروفیسر ڈاکٹر محمد بخش شاہوانی (پیلوس اینڈ ایسیٹابولم فیلوشپ)، پروفیسر امان اللہ خان کاکڑ (الیزاروف فیلوشپ)، پروفیسر کریم بخش (پیڈیاٹرک آرتھوپیڈک فیلوشپ)، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر طارق حسنی (آرتھروپلاسٹی فیلوشپ)، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد اسلم مینگل (پیڈیاٹرک آرتھوپیڈک فیلوشپ) اور ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر اسد خان غلزئی (ہینڈ اینڈ اپر لمب سرجری فیلوشپ) کو سپروائزر مقرر کیا گیا ہے۔ پی ایم اے بلوچستان نے اسے صوبے کی طبی برادری کے لیے بڑا اعزاز قرار دیا ہے۔ ترجمان کے مطابق اس اقدام سے صوبے کے نوجوان آرتھوپیڈک سرجنز کو اعلیٰ تربیت کے لیے دیگر صوبوں میں نہیں

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

ملک بھر کی طرح قلات میں بھی یومِ اقبال قومی جوش و جذبے اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا

قلات (آن لائن) ملک بھر کی طرح قلات میں بھی یومِ اقبال قومی جوش و جذبے اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ قلات اور محکمہ تعلیم کے زیر اہتمام مختلف گرلز اور بوائز اسکولوں میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جن میں شاعرِ مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ کی ملی، ادبی اور فکری خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ یومِ اقبال کے مرکزی سلسلے میں گورنمنٹ ماڈل داؤد ہائی اسکول قلات میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری، ایف سی کرنل نوید، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن ثناء اللہ ثناء، پرنسپل ماڈل داؤد ہائی اسکول غلام مصطفیٰ بنگلزئی، اساتذہ

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

صحبت پور میں مفت آئی کیمپ انتظامی بدنظمی اور سفارشی کلچر کی بھینٹ چڑھ گیا

سول ہسپتال انتظامیہ کی نااہلی کے باعث بوڑھی خواتین و مرد شدید پریشان، وزیر صحت اور سیکریٹری صحت نوٹس لیں، رپورٹ

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور میں صوبائی حکومت بلوچستان اور میری میری ملکی لیجر یسی مشن کے تعاون سے قائم کیا جانے والا مفت آنکھوں کے علاج کا کیمپ انتظامی بدحالی اور سفارشی کلچر کی بھینٹ چڑھ گیا۔ رپورٹ کے مطابق صوبائی حکومت اور محکمہ صحت کی ہدایت پر کوئٹہ سے آئے ہوئے ماہر امراضِ چشم کے ڈاکٹروں نے صحبت پور سول ہسپتال کے تحت مرحوم ظہور خان میموریل ہسپتال میں آنکھوں کا مفت علاج اور آپریشن کرنے کے لیے کیمپ لگایا۔ تاہم سول ہسپتال کی نااہل انتظامیہ اور سنگین بدنظمی کے باعث یہ مفت کیمپ غریب عوام کے لیے وبالِ جان بن گیا ہے۔ کیمپ کے دوران پرچی کے حصول سے لے کر معائنے تک ہر شعبے میں سفارشی کلچر کا راج رہا، جس کے باعث دور دراز کے دیہات سے آئی ہوئی بوڑھی خواتین اور معمر مرد ڈاکٹروں تک رسائی نہ ملنے اور شدید دھکم پیل کی وجہ سے علاج کے بغیر مایوس ہو کر واپس لوٹنے پر مجبور ہو گئے۔ علاقائی عوام نے اس شدید بدنظمی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 2 پر)



کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق ملاقات کررہے ہیں

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ سے ملاقات

کراچی (سی ایم لنکس) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ اور سینئر رکن قومی اسمبلی میر اعجاز خان جکھرانی کے ہمراہ سندھ اسمبلی کا دورہ کیا اور اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور قانون سازی سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سیکریٹری سندھ اسمبلی جی ایم عمر فاروق اور ڈائریکٹر

(بقیہ 55 اندرونی صفحہ 2 پر)

عوام کو علاج معالجہ کی فراہمی اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر رفیق گنیہ

جعفرآباد سول ہسپتال میں بہترین نظم ونسق قائم کرنے کیلئے موثر اقدامات کیے گئے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (یو این اے) میڈیکل سپرنٹنڈنٹ جعفرآباد سول ہسپتال ڈیرہ اللہ یار ڈاکٹر رفیق گنیہ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اور وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کے وژن اور ہدایات کے مطابق عوام کو علاج معالجے کی بہترین اور معیاری سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ جعفرآباد سول ہسپتال میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے، انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے اور ہسپتال میں بہترین نظم ونسق برقرار رکھنے کیلئے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتال عوام بالخصوص غریب اور متوسط طبقے کیلئے علاج معالجے کا اہم ذریعہ ہیں، اس لیے ہسپتال انتظامیہ کی کوشش ہے کہ یہاں آنے والے کسی بھی مریض کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے اور انہیں بروقت طبی امداد فراہم کی جاسکے۔ ڈاکٹر رفیق گنیہ نے کہا۔ کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے فراہم کردہ ادویات عوام اور مستحق مریضوں تک بتدریج پہنچائی جارہی

(بقیہ 57 اندرونی صفحہ 2 پر)

خاران کی قدیم تاریخ اور ثقافت پر پی آر ایس پی کے تحت پروقار پینل ڈسکشن کا انعقاد

تاریخی مقامات اور آثارِ قدیمہ کی بدحالی پر تشویش، تحفظ کے لیے فوری اقدامات کا مطالبہ، رپورٹ

خاران (یو این اے) گورنمنٹ آف بلوچستان کے تعاون سے بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (BRSP) کے زیر اہتمام 'رائیز پروگرام' کے تحت نصیر کبدانی لبزانکی دیوان ہال خاران میں خاران کی ثقافت اور آثارِ قدیمہ کے موضوع پر ایک پروقار پینل ڈسکشن کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا بنیادی مقصد نوجوان نسل کو خاران کی قدیم تاریخ، روایات اور ثقافتی تشخص سے روشناس کرانا تھا۔ تلاوت کلامِ پاک سے شروع ہونے والی اس فکری نشست میں ادب، ثقافت، تاریخ سے وابستہ ممتاز شخصیات، نوجوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ پینل ڈسکشن کی میزبانی کے فرائض معروف ماہرِ تعلیم وادیب پروفیسر ڈاکٹر شکور زاہد نے سرانجام دیے، جبکہ ادب وثقافت کے ممتاز دانشوروں احمد مہر، پروفیسر شاہ جی شمیم اور سفر خان راسکوئی نے بطور پینلسٹ خاران کی تاریخی اہمیت اور قدیم تہذیبوں پر تفصیلی اظہار